

سندھی
وائی / کافی

منتخب سندھی وائیوں اور کافیوں
کا منظوم اردو ترجمہ

امیر بخاری

اکادمی ادبیات پاکستان

سندھی وائی / کافی

منتخب سندھی وائیوں اور کافیوں کا منظوم اردو ترجمہ

امیر بخاری

اکادمی ادبیات پاکستان

پطرس بخاری روڈ، اسلام آباد

اس کتاب کے متن کا کوئی بھی حصہ نقل یا استعمال نہیں کیا جا سکتا، سوائے حوالے کے۔
خلاف ورزی پر ادارہ قانونی چارہ جوئی کا استحقاق رکھتا ہے۔

نگرانِ اعلیٰ	:	پروفیسر ڈاکٹر محمد قاسم بگھیو
منتظم	:	ڈاکٹر راشد حمید
نگران منصوبہ وطباعت	:	علی یاسر
مترجم	:	امیر بخاری
نظر ثانی	:	امداد حُسینی
ادارت	:	ڈاکٹر منظور علی ویسریو
ٹائٹل	:	محمد نعمان
اشاعت اول	:	2017ء
تعداد	:	500
ناشر	:	اکادمی ادبیات پاکستان، H-8/1، اسلام آباد
مطبع	:	NUST پریس، اسلام آباد
قیمت	:	مجلد:-/260 روپے غیر مجلد:-/240 روپے

ISBN: 978-969-472-293-1

Sindhi Waee\Kafee

Urdu Translation of Selected Sindhi waees and kafis

By

Ameer Bukhari

Publisher

Pakistan Academy of Letters

Islamabad Pakistan

فہرست

پیش نامہ	پروفیسر ڈاکٹر محمد قاسم بگھیو	11
حاصلِ کلام	امیر بخاری	13
صورت میں تو خلیل	شاہ عبداللطیف بھٹائی	21
دوست میرے گھر در آیا	"	22
کہا میں نے	سچل سرمست	23
چاروں اور سجن کا جلوہ	"	24
اپنی ذات چھُپا کر	"	25
سراسرار حقیقی ہوں میں	فقیر قادر بخش بیدل	26
سیکھ رمز وجود بُھلانے کی	"	27
ہر رنگ میں ہے نظارا تیرا	"	28
میں تو ہوں اسرار	"	29
عزیزوں کی اُکیر	فقیر محمد محسن بیکس	30
خادم تمہیں پکارے	"	31
کیا جانے دم کوئی	بُلھے شاہ	32
کنڈڑی میں کلتار ملا ہے	فقیر روح اللہ روحل زنگیجو	33
عشق مِلا من پیارے کا	"	34
کوئی کہے روحل، روح اللہ	"	35
آنکھیں پریم پیالہ پئیں	"	36
آپ سے درشن پایا	مراد فقیر کنڈڑی والا	37
میرے پیا کو سنیہو جا کہیو	"	38
آجا، رے آجا، وویار	"	39
رانجھا میرے گھر آیا سئیاں	"	40
یاروں سے ہے بسنت ہمیشہ	"	41

میں نے عمر بے سود گزاری	نانک یوسف	42
گم ہو کر دیکھ نظارا	"	43
دلبر دردمندوں کو	"	44
آدم کیسی ذات	پیر محمد اشرف	45
نفع ضرر کی خبر ہے تم کو	"	46
دلدار تیرے ہاں میں	فقیر مسکین نمانا	47
پڑھ سبق اول صفائی کا	محمد فقیر گھوٹہ	48
تیری آنکھوں کے اسرار	بُڈھل فقیر	49
جس کو راول رمز چکھائی	اِیسر	50
دل کو کرے پاگل	فقیر چُھٹو سانگی	51
عشق تیرے کے یہ انصاف	خواجہ غلام فرید	52
اے دل تُو اب کیوں ہے پریشان؟	"	53
ہر دل کا دلدار یار میرا	"	54
سر قرباں دل آنکھیں جان	مصری شاہ نصرپوری	55
ظالم زلف تیری زنجیر	"	56
دور دنیا سے وہ انسان	خلیفو چُھٹو درس	57
جس کے لئے میں بنی نمانی	فتح فقیر	58
صوفی بھرے سنسار میں	علامہ ہدایت علی تارک نجفی	59
یہ عشق نے رنگ رچایا ہے	"	60
اپنی ذات بنا پہچانے	"	61
ساتھی ہو تیار	فقیر محمد صدیق صادق سومرو	62
تیری صورت گل گلاب کہوں	مولانا عبدالغفور ہمایونی مفتون	63
دُور گئے دلدار	جلال کھٹی	64
میں ہوں بے اختیار	خلیفہ گل ''محمد گل'' ہالائی	65
غمزوں سے ہی غلام کیا ہے یار نے ہم کو	شاہ نصیرالدین نصیر	66
میرا تو ہے	حافظ عبداللہ	67
جو خوش ہیں ملامت پر	حافظ ہادی ڈنو	68
کہوں گی سکھیوں سے اپنا حالِ زار	شاہ عنایت رضوی	69

جاؤں کیوں اُس پار	صاحب ڈنہ فاروقی	70
نہ تو دنیا سے یاری ہے	واسوانی	71
پریتم کی پھر ہے خبر خاص آئی	پیر اصغر شاہ	72
تُو ہی تُو ہے	جیوت	73
جس دل کو خدا یاد	صورت بہار	74
دیکھوں راہیں آئے یار مرا	پیر غوث محمد شاہ پیرل	75
گُن والوں کی پریت	محمد قاسم ''قاسم''	76
جن کا ناز والوں سے ہے ناتا	امید علی	77
مرنے سے پہلے ہم مر گئے ہیں	صوفی خوش خیر محمد فقیر	78
حسینی آؤ حاضر ہو	"	79
دل عشق کے سہارے	شیر علی	80
یہ راز اس حسن کا	دریا خان	81
آوے کا گا، دے حال	"	82
اکل کلا کھیل کھیل کھیلارا	"	83
کب آئے گا میرے آنگن	میر علی نواز علوی	84
جوگی پیارے یار ہمارے	منگھا رام غلام	85
میں نے بُھلائے دو جہاں	سید رَکھیل شاہ صوفی رَکھیل	86
خیال کا مطلب خیال میں ہے	محمد فقیر کھٹیان	87
تیرے درشن نے دلبر	دولہہ دریا خان	88
میرا جھومے جھومے تن	محمود فقیر کھٹیان	89
کس سے کہوں مذکور	جمعہ فقیر جمن	90
ملاقات محبّ سے ہوئی	نواب فقیر ولی محمد خان لغاری	91
سنو شوق میرے کا شور	حمل فقیر لغاری	92
لوٹ کے آمنٹھا ریار	"	93
آمیاں ڈھولن آ	"	94
کوئی نہ سمجھے سر صفات	علامہ تاج محمد امروٹی حسن	95
ہے کیسا تو منصور؟	"	96
جانب، خوب جمال	پیر کمال فقیر	97

تیرا سوہنا سجن سنگھار	"	98
جام عشق کے لئے	"	99
صورت کا کر کے سنگھار	"	100
شب و روز دیکھوں تیری راہیں وے	حُسین دیڈڑ	101
عمر وے عزیزوں بِنا من اداسی	فقیر فتح علی خان	102
کچھ تو زادِ راہ لے یار	مرزا قلیچ بیگ قلیچ	103
مجھے ناز و ادا سے مار	سید میراں محمد شاہ میر مہجور	104
ہم صوفی مست قلندر ہیں	صوفی انور علی شاہ انور جہان پوری	105
تیرا عشق ملا دل پاک ہوا	"	106
تیرا شراب خانہ	"	107
آ جا پیا میری روح میں	"	109
سکھ کا یہ سنسار بنائیں	عبدالکریم گدائی	109
مجھے دردوں نے ہے ستایا۔ الا	رشید احمد رشید لاشاری	110
عمر! عاجزوں سے نہ کر مال مستی	مخدوم طالب المولیٰ	111
مجھ میں تُو ہی تُو	مخدوم طالب المولیٰ	112
ہو گا دلبر مجھ سے دور	سردار علی شاہ ذاکر	113
میرا محبؐ بنے مہمان	"	114
سجن آیا میرے گھر میں	"	115
ہے رب نے بڑھایا شان	"	116
جُھولے لعل قلندر لال	فقیر مولوی احمد مہر	117
اللہ ہے،، اللہ ہے	"	118
وحدت میں ہے وجود میاں!	"	119
مست اور مخمور آنکھیں	"	120
ہوا اعلیٰ عشق اثر	صوفی حضور بخش شاہ حضور بخاری	121
رات بھر تیری پُکار	شیخ ایاز	122
یاد پھر سے آج رات	"	123
سوکھا سبزہ بننے لگا ہے	تنویر عباسی	124
عشق نہیں ہے عقاب	مولانا رحیم بخش قمر	125

کہہ دو صبا سجنوں سے	مخدوم محمد امین فہیم	126
عام ہو یا خاص لیکن	استاد حامی خیر پوری	127
دو کشتیوں میں پاؤں میرے	نثار بزمی	128
جیئے جگ جگ تو	"	129
غفلت میں غلطان، آج کا ہے انسان!	استاد بخاری	130
جیون ہو لاجواب	"	131
ساجن کو سجن کے بِنا	"	132
بچھڑے یاد پڑے جس دم	بردو سندھی	133
بیٹھی صبح و شام یاد کروں ساجن کو	"	134
آفتاب اُبھرا عشق کا	حاجی امام بخش خادم	135
ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر راہیں	راشد مورائی	136
دنیا کی نہیں پرواہ	حسین بخش خادم	137
برسی بوند بہار	عنایت بلوچ	138
کہتا کون ہے ظالم دنیا	ڈاکٹر در محمد پٹھان	139
قدموں پر قربان	علی نواز صابر نظامانی	140
عشق ہمارا ہے جو لستی	"	141
ان آنکھوں سے آنسوں بہتے رہے	میر عبدالرسول میر	142
میت مرے دلدار او یار	مہر پروین	143
آج بھی پیاسی نین رہیں	عزیز کنگرانی	144
میں ہوں طالب مرے جانی	سید رفیق احمد شاہ رضوی	145
لوٹ بھی آ دلدار	شنکر ساگر	146
تیری جوت جمال کمال کے ہیں	ضیاء حیاروی	147
جس نے مجھے مخمور کیا	علی گل رند	148
سر ساجن پر صدقے صدقے	شاہ مردان ریگستانی	149
تقدیر میں دیکھوں تمہیں	امن سندھی	150
ہُو سے مل کر ہم ہو گئے ہُو	بہاول شاہ بخاری	151
آ جا گیت پریت کے گائیں	گل محمد قلبی	152
پردیسی پنچھی چھوڑ کے دانہ پانی چلے گئے	میر ناظم ٹالپر	153

کئی دن گذرے تو نہ آیا صنم	محمد ابراہیم داغ ٹکھڑائی	154
میرا پُنہل ہے بے پرواہ سکھی	میر علی نواز خان ناز تالپور	155
برہ سے میں بدنام	سعید ٹکھڑائی	156
میرا نازک حال	نظام الدین زائر	157
سپنے کر سا کار سچ مچ آجا	سلیم گاڑہوی	158
کھلیں گے کاک کنول	سوز ہالائی	159
پریت پریتم سے ہی پا کر	احمد خان آصف مصرانی	160
پھلائے خوشبو ہوا	متل جوگی	161
تم بن کیسی عید؟	عاجز اُجن	162
آنکھوں کا کشکول	پروفیسر بشیر احمد شاد	163
پل پل میں رنجور	عاشق ہالائی	164
تیری الفت ہی دن رات	صوفی چیزل شاہ فتح پوری	165
سراپا تُو قیامت ہے	سرور شاہ سرور	166
یارنہ توڑتو یاری وے	اسد اللہ شاہ اسد	167
گئی ہے روٹھ کر قسمت	حکیم لالا آنند پرکاش	168
درد ہزاروں ایک ہے دل	ولی محمد وفا پلی	169
گلیاں پریم نگر کی حضرت عشق پھرائے	غمدل فقیر	170
دھواں درد دل کا اٹھا کر چلے ہم	خیر محمد یوسفانی	171
سجن کو ہی سلام ہو	پروفیسر گل برڑو	172
دانا اپنی دین کو اب تو	مقصود گل	173
مجھے ہیں یاد میرے دلربا دلدار کی باتیں	ساگر کنبوہ	174
میرا دل کر کے سو ٹکڑے	لیاقت علی	175
تیری ہی تیری	علی دوست عاجز	176
میری جوانی دلبر جانی	گلبدن آصف	177

پیش نامہ

کتاب ''سندھی وائی رکافی'' منتخب سندھی وائیوں اور کافیوں کے اُردو ترجمے پر مشتمل ہے۔ امیر بخاری نے یہ کتاب 1989ء میں مکمل کر کے اکادمی کے حوالے کی تھی مگر مختلف وجوہات اور حالات کے تحت یہ کتاب تشنۂ اشاعت رہی۔ جناب امیر بخاری معروف شاعر اور سندھی زبان کے ادیب تھے۔ ان کے صاحبزادے کاظم بخاری نے اپنے خطوط سے اکادمی کی توجہ اس طرف دلائی کہ برس ہا برس گزر گئے لیکن کتاب شائع نہیں ہو سکی۔ اس کتاب کا ایک خستہ حال مسودہ اکادمی کے ریکارڈ سے بمشکل تلاش کیا گیا اور اس پر کام کیا گیا۔ سندھی وائی رکافی ایسی اصناف ہیں جو تصوف اور موسیقی سے مربوط ہیں۔

جناب امیر بخاری نے اس کتاب میں نہ صرف منتخب سندھی وائیوں رکافیوں کے تراجم کیے ہیں بلکہ استادانہ انداز سے وائی اور کافی کا فرق بھی واضح کیا ہے۔ یہ کتاب جناب امیر بخاری کی عروض، موسیقی اور اصنافِ شعر پر دسترس کا اظہار کرتی ہے۔ یقیناً آنے والے لوگ بھی اس کتاب کے ذریعے سندھی وائی اور کافی سے آگاہی حاصل کریں گے اور قارئین کو بیش بہا معلومات ملیں گی۔ امیر بخاری سندھی ادب وثقافت کی تاریخ کا بھی پورا شعور رکھتے تھے۔ اپنے حاصلِ کلام میں انھوں نے سندھ کی تہذیب، تاریخ، ادب، ثقافت، تصوف اور سندھی زبان کے سفر پر بھی عمدہ اسلوب میں لکھا ہے۔ سندھ کی دھرتی اور ثقافت کو تصوف سے خاص قربت ہے۔ اسی لیے صوفیائے کرام نے اپنی شاعری سے لوگوں کو علم واخلاق کا اعلیٰ درس دیا۔ وائی اور کافی صوفیائے کرام کی عوام کے ساتھ محبت کی علامت اور ابلاغ کا ذریعہ تھیں۔ راگ، راگنیوں اور تالوں کے حوالے سے بھی وائی اور کافی انفرادیت رکھتی ہیں۔ امیر بخاری صاحب نے وائی اور کافی کے تکنیکی، فنی، موضوعاتی اور ہیئتی عناصر پر بھی ماہرانہ اسلوب میں سیر حاصل معلومات فراہم کی ہیں۔ تراجم کی بابت شعر وادب کے ساتھ ساتھ ان کا تاریخ وثقافت کا مطالعہ بھی کارفرما رہا ہے۔ اس کتاب میں شامل مختلف شعرا نے اپنے اپنے زمانے میں وائی اور کافی لکھ کر سندھی ادب میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ سندھی شاعری کا ایک عہد اس انتخاب میں شامل ہے اور امیر بخاری کا یہ کارنامہ تاریخی حوالے سے قابلِ قدر ہے۔

امیر بخاری جیسے مؤرخ، شاعر، موسیقار، محقق، ناقد، ماہرِ تہذیب اور ماہرِ سندھی زبان کے تراجم پر مشتمل یہ کتاب شائع کرنا ہمارے لیے باعثِ اعزاز ہے۔

کتاب میں بہت سے استاد شعراء کے کلام کو ترجمہ کیا گیا اور اُردو دنیا کو سندھی وائی و کافی سے متعارف کرانے کے لیے یہ منصوبہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔ امیر بخاری نے انتہائی محنت اور لگن سے سندھی وائیوں اور کافیوں کا ترجمہ کیا اور خاص بات یہ ہے کہ تمام زمانوں کے لگ بھگ سبھی اہم شعرا کا کلام ترجمہ کیا گیا ہے۔ یہ ایک انتہائی وقیع اور اہم کتاب ہے۔ کتاب ''سندھی وائی/کافی'' کی نظرِ ثانی معروف ادیب، مدیر اور شاعر جناب امداد حسینی نے کی ہے جبکہ ڈاکٹر منظور علی ویسریو نے ادارت اور شعرائے کرام کا مختصر تعارف تحریر کیا ہے جس کے لیے ہم ان کے شکرگزار ہیں۔ امید ہے کہ اکادمی کی یہ کاوش قارئین کو پسند آئی گی۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد قاسم بگھیو

چیئرمین اکادمی ادبیات پاکستان

حاصل کلام

آج کا سندھ، نقشہ ء دنیا پر 35-23,30-28 عرض بلد اور 10-71,42-66 طول بلد کی حدود میں ہے۔اس کے مشرق میں ریگستان، راجپوتانہ شمال میں پنجاب و بلوچستان، مغرب میں بلوچستان کے لس بیلہ اور قلات کے علاقے اور جنوب میں رَن کچھ بحیرہ عرب ہے۔موجودہ سندھ کا رقبہ 140913 مربع کلومیٹر اور اس کی آبادی چار کروڑ نفوس پر مشتمل ہے۔

صدیوں پہلے وادی ء سندھ کے دامن میں ہڑپہ، موہن جو دڑو، مہر گڑھ، ونجنوٹ، اوچ، پاری نگر اور کئی دوسرے علاقے موجود تھے۔ عربوں کے حملے تک یہ وادیٔ پنجاب، سیستان، سراوان، جھالاوان، مکران اور دشت ندی تک پھیلی ہوئی تھی۔ادھر اراولی پہاڑ کے علاقے بھی سندھ میں شامل تھے۔ان دنوں وادیٔ سندھ کی سرحدیں مشرق میں جمنا، مغرب میں ہلمند، شمال میں کشمیر اور جنوب میں بحیرہ عرب تک وسیع تھیں۔

مورخ لکھتے ہیں کہ، سندھ کی پہلی مکمل تہذیب دراویدی یا دراوڑی تھی جس کے آثار موہن جو دڑو، آمری اور کوٹ ڈجی کے ٹیلے ہیں۔اس کے بعد کے ہزاروں برس کا تاریخی ریکارڈ موجود نہیں ہے جب اس وادی میں آریاؤں کا راج قائم ہوا تب تاریخ کی دوبارہ ابتدا ہوئی۔آریاؤں کا زمانہ گزرا تو دارا اول کا دور آیا اس کے بعد سکندر اعظم، موریا خاندان، پارتھین اور کشن گھرانوں کے ادوار آئے۔کشن خاندان کے ایک راجے کنیسکا کے زمانے میں، سندھ میں بدھ مت کا اثر رسوخ بڑھا۔کشن گھرانے کے بعد سندھ پر ساسانیوں کا راج قائم ہوا۔اسی ہی دور میں ایران کے باجگزار کے طور پر سندھی خاندان سمہ ابھر کر سامنے آیا۔آگے چل کر چچ برہمن نے سمہ حکومت ختم کر کے سندھ پر براہمنی راج قائم کیا جو عربوں کے آمد (711ء) تک قائم رہا۔

عربوں کے دور کے بعد سندھی خاندان سومرہ حاکم ہوا۔اس خاندان کی کمزوری کی وجہ سے سندھ پر سندھی قبیلہ سمہ کی حکمرانی رہی، جب وہ کمزور پڑ گئے تو ارغونوں کا قبضہ ہوا ان کے بعد ترخان آئے۔ترخانوں کے بعد سندھ پر مغلوں کی حاکمیت قائم ہوئی بعد میں کلہوڑہ خاندان پروان چڑھا اور

سندھ کا حکمران بنا۔ کلہوڑوں کی قوت ختم ہوئی تو تالپور بلوچ سندھ کے والی بنے۔ تالپوروں نے ۱۸۴۳ء تک سندھ پر حکومت کی ان سے برطانیہ کے فرنگیوں نے وادیٔ سندھ کی حکمرانی چھینی اور انہوں نے سندھ کو بمبئی سے ملا کر سندھ کا تشخص مٹانا چاہا مگر شدید جدوجہد سے سندھیوں نے فرنگیوں کو مجبور کر دیا کہ سندھ کو بمبئی سے علیحدہ کیا جائے اس طرح سندھ کا الگ تشخص دوبارہ ۱۹۳۶ء قائم ہو گیا۔

ان تمام ادوار میں سندھی زبان قائم رہی اگرچہ سنسکرت، عربی، فارسی یا انگریزی زبانوں کا دباؤ سندھی پر شدید تھا اور سندھی زبان حاکموں کی سرپرستی سے محروم تھی مگر یہ زبان ترقی کرتی رہی۔ سندھی زبان کے متعلق محققین کا کہنا ہے کہ اس زبان میں ایسی خصوصیات موجود ہیں جو کسی زبان کو زندہ رکھنے اور ترقی یافتہ بنانے کے لئے ہونی چاہئیں شاید یہی وجہ ہے کہ اب سندھی زبان تجرباتی ادوار سے گذر کر کمپیوٹر کے دور میں داخل ہو چکی ہے۔

سندھی زبان ادبی سرمایہ کے حوالے سے بہت بڑی اہمیت کی حامل ہے اس کی وسعت دریائے سندھ کی طرح بے پایاں ہے۔ اگرچہ ابتدا سے باہر کی ثقافتی یلغار کی وجہ سے سندھی زبان و ثقافت زبردست دباؤ کا شکار رہی ہے مگر سندھی علماء، شعراء، ادباء اور دوسرے لوگوں نے سندھی زبان و ثقافت کی حفاظت کی ہے۔ اس سلسلہ میں لوک کہانیوں اور لوک گیتوں نے اہم کردار انجام دیا۔ کسی بھی اچھے یا بُرے دور میں لوک ادب نے سندھی زبان کی قوت بڑھائی اور اسے محفوظ رکھا ہے۔

سندھی زبان کو ترقی دینے کے لئے موسیقی نے بھی اپنی توانائی سے کام لیا ہے۔ موسیقی کا سازوں سے گہرا اور اٹوٹ تعلق ہے۔ سازوں نے راگوں کو اور راگوں نے شاعری کے حوالے سے زبان کو جو توانائی بخشی وہ نظر انداز نہیں کی جا سکتی۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ان علاقوں میں جو اب سندھ کی حدود سے باہر ہیں اور کبھی سندھ کی حدود میں تھے۔ اب بھی سندھی زبان و ثقافت کے اثرات وہاں نمایاں ہیں۔ پنجاب کے بڑے حصے پر اور بلوچستان پر سندھی زبان و تہذیب کی چھاپ دیکھی جا سکتی ہے۔

وادیٔ سندھ کا دوسرا نام وادیٔ مہران ہے۔ یہ وادی دریائے سندھ، مہران یا اباسین کی وجہ سے ہی جنتِ نظیر ہے۔ یہ وادی جس زمانہ میں جمنا اور اراولی کی پہاڑیوں سے ہلمند کی زیرہ جھیل تک اور کشمیر کی پہاڑیوں سے تاپی ندی تک پھیلی ہوئی تھی۔ اسی زمانہ میں ہی وہاں تک سندھی زبان و تہذیب کے اثرات پہنچے جو اب تک قائم ہیں۔ رہن سہن، شادی غمی کی رسومات، عورتوں کے گہنے و زیورات، راگ، ساز، لوک گیت، لوک کہانیاں، پیری مریدی کے سلسلے، رشتہ داریاں اور بہت کچھ اب بھی قدیم سندھ کے علاقوں میں وہی ہے جو جدید سندھ میں ہے۔

لہٰذا سرائیکی، پنجابی، بلوچی، براہوی، کچھی اور لاسی ادب کا جائزہ لیا جائے تو ہر زبان کے ادب پر سندھی رنگ چمکتا ہوا نظر آئے گا۔ خاص طور پر کافی روائی کا اثر رسوخ تو دور دور تک مسلسل اور متواتر دیکھنے میں آئے گا۔ علاوہ ازیں وہ ساز جو سندھ کے اپنے ہیں یا اپنے ہو گئے ہیں قدیم سندھ کی حدود میں بھی اتنی اہمیت رکھتے تھے جتنی اہمیت آج کی سندھ میں ہے۔

ہمارے صوفیائے کرام یا دوسرے شعراء نے شاعری کے حوالے سے جو اخلاقی انداز کو مستحکم کرنے اور پھیلانے کا کام کیا ہے وہ بہت بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ ان حضرات کو کافی روائی کی نعمت نہ ملتی تو شاید انہیں اتنی کامیابی حاصل نہ ہوتی۔ اب ہمارے لئے ناگزیر ہو جاتا ہے کہ کافی روائی پر بات کی جائے جس نے سندھی زبان اور تہذیب کے اثرات دور دور تک پہنچائے۔

کافی (غیر عروضی/چھندو یائی) صنف سخن کا معروف نام ہے۔ علماء کا کہنا ہے کہ قدیم دور کے عرب دف پر راگ گایا کرتے تھے۔ دف کفہ نامی لکڑی سے بنایا جاتا تھا۔ اس لئے دف کی لکڑی (کفہ) کا نام، گائی جانے والی شاعری پر کافی ہو کر سامنے آیا۔ دوسرے طرف موسیقی کے ماہرین کا کہنا ہے کہ، کافی ایک راگ کا نام ہے، جس کا رشتہ دیپک خاندان سے ہے۔ اس سلسلہ میں وضاحت اس طرح ہے کہ، کافی، موسیقی کی ہر پیا میل ٹھاٹھ سے نکلنے والے ایک راگ کو کہتے ہیں جس کی تفصیل برسوں پہلے پنڈت سارنگ دیوٗ نے اپنی کتاب ''رتنا کر گرنتھ'' میں دی تھی۔

کچھ محققین فرماتے ہیں کہ، ستار اور کئی راگوں، راگنیوں کے مؤجد حضرت امیر خسرو نے عجمی اور ہندی راگوں کے ملاپ سے کافی راگ بنایا۔ یہ راگ برصغیر میں بے حد مقبول ہوا۔ خاص طور پر سندھ، پنجاب اور بلوچستان میں اس کی شہرت زیادہ ہوئی۔ معروف روحانی اور علمی ادبی شخصیت مخدوم محمد زمان طالب المولیٰ کا فرمان ہے کہ: حضرت امیر خسرو نے اپنے ایجاد کردہ راگ کا نام کافی رکھا جسے سندھ اور پنجاب میں مقبولیت حاصل ہوئی اور ان علاقوں کے شعراء نے ان گنت کافیاں لکھیں۔ معروف محقق پیر حسام الدین راشدیؒ کافی کو سندھی راگ مانتے ہیں اور یہی رائے بے مثال محقق ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ، سندھی میں کافی (قافیہ۔کلمہ) عربوں کی سندھ پر حکومت کے دور میں یا اس کے بعد سندھی شعراء نے بنائی۔ انہوں نے اپنے مخصوص نغموں کے لئے کافی نام استعمال کیا ہے جو قافیہ کلمہ کی ترجمانی کرتا ہے جس کا مطلب ہے منظوم کلام۔

پیر حسام الدین راشدی کی تحقیق ہے کہ، کافی کے موجد بھٹائی (جنم: ۱۱۰۲ھ) رحلت: (۱۱۶۵ھ) نہیں ہیں۔ کیوں کہ ان سے تقریباً دو سو برس پہلے سندھ میں سندھی کافی موجود تھی۔ کافی کی

خصوصیات کے متعلق سندھی کے ایک محقق عبدالحسین موسوی کہتے ہیں کہ:

- کافی کا مضمون عاشقانہ اور صوفیانہ ہوا کرتا ہے۔
- کافی مختلف راگوں ر راگنیوں میں گائی جاتی ہے۔
- کافی (مسجدوں کے علاوہ) ہر جگہ پر گائی جاسکتی ہے۔
- کافی میں وصال و فراق، خوشی و سرشاری، غم واندوہ کا ذکر ہوتا ہے۔

طالب المولیٰ کہتے ہیں کہ، کافی میں حقیقت، واقفیت اور حال کا بیان ہوتا ہے اس لئے کافی گانے اور سننے کے وقت سکون دیتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ:

''انسان کے لئے جذبات، فکر اور عمل کی پاکی اس میں ضروری ہے۔ جذبات کا تعلق دل سے، فکر کا تعلق دماغ سے اور عمل کا تعلق دل و دماغ سے ہوا کرتا ہے۔ کافی، جذبات، فکر اور عمل کی پاکی کے لئے مؤثر چیز ہے۔ ہمارے صوفیاء نے جذبات فکر اور عمل کو صفا کرنے کے لئے کافی روائی یا دوسرے فقیرانہ کلام گانے کی محفلیں سجائیں اور سماع کے حلقے بنائے۔ اس طرح انہوں نے لوگوں کو اچھائیوں کی تربیت دی''۔

ہمیں اپنے بزرگوں کی کافیوں روائیوں کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ شریعت، طریقت، حقیقت اور معرفت کی منازل طے کرنے رکرانے کا کام ہی ان حضرات کے پیش نظر ہوا کرتا تھا۔ بزرگوں کی کافیوں روائیوں میں دوست، (خدا، رسول ﷺ) سے پیار کے ساتھ دردِ دل بھرا ہوا ملے گا۔ کافی کے مضامین میں عشق الٰہی و عشق رسول ﷺ کی قلبی وارداتیں، ذکر و فکر کی تلقین پریت میں دکھ جھیلنے کی قوت، عاشقانہ اسرار کی انوکھی کہانیاں، روح کے تقاضے اور منزل تک پہنچنے کی جدوجہد جیسی باتیں آ جاتی ہیں۔ اس لئے تو ایک معروف ویدانتی منگھارام غلام لکھتے ہیں کہ،

''صوفیانہ کلام میں عجیب آتمک دھن بھرا ہوا ہوتا ہے جو لوگ ایشور کو ڈھونڈ لیتے ہیں ان کے لئے صوفیانہ کلام بینظیر تحفہ ہے''۔

جدید دور میں کافی روائی کا دائرہ تصوف تک محدود نہیں رہتا۔ آج کل سیاسی، سماجی، اقتصادی اور دوسرے دنیوی مضامین بھی کافی روائی میں داخل کئے جارہے ہیں۔ اس مادی دور کے مسائل جو ارتعاش پیدا کئے ہوئے ہیں وہ بھی جدید شعراء اپنی کافیوں اور روائیوں میں بیان کر رہے ہیں مگر پس منظر میں وہی حق اور سچ کی تلاش ہے۔

سندھ میں سندھی شعراء نے کافی روائی پر کئی تجربے کئے ہیں جو اس صنف میں مزید رنگینی پیدا

کرنے میں موثر ثابت ہوئے ہیں۔ یہاں پر کافی کے کئی سانچے (فارم) بنائے گئے ہیں۔

ایک ٹھپی (ایک بند والی کافی)

ایسی کافی کا ہر بند ایک سطر کا ہوتا ہے اور بند کے آخر میں قافیہ آتا ہے۔

جب ایک ٹھپی کافی کا وزن چھوٹا ہو تب اسے وائی کہا جاتا ہے!

دو ٹھپی (دو بند والی کافی)

ایسی کافی کا ہر بند دو مصرعوں (دو سطروں) کا ہوتا ہے اس میں قافیہ دوسرے بند کی آخر میں آتا ہے۔

ڈیڑھ ٹھپی (ڈیڑھ گُنی کافی)

ایسی کافی کا ہر بند ڈیڑھ سطر کا ہوتا ہے اور آدھی سطر کے آخر میں قافیہ آتا ہے۔

اس طرح کافی کی سطریں بڑھتی جائیں گی تو کافی کی قسم بھی دوسرے نام کی ہوتی جائے گی۔

یعنی ڈھائی ٹھپی	(2 ½)
تین ٹھپی	(3)
ساڑھے تین ٹھپی	(3 ½)
چار ٹھپی	(4)
ساڑھے چار ٹھپی	(4 ½)
پانچ ٹھپی	(5)

آپ نے دیکھا کہ چھوٹی سی ایک ٹھپی کافی کا دوسرا نام وائی ہے۔ اس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ چیز شاہ عبداللطیف بھٹائی کی ایجاد کردہ ہے۔ یہ صنف محدود الفاظ میں وسیع تر فہم بیان کرنے میں نہایت ہی مؤثر صنف ہے۔ شاہ کے بعد کافی کے ساتھ وائی نے بھی سندھ میں اپنا اثر رسوخ بڑھایا ہے مگر دوسرے شعراء کی وائیوں نے وہ مقام حاصل نہیں کیا جو شاہ لطیف کی وائیوں کو حاصل ہے۔ اب تک ان گنت سندھی شعراء نے کافیوں کے ساتھ وائیاں بھی لکھی ہیں جو کافی کی طرح گائی جاتی ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق ایک ہزار سے بھی زیادہ کافیوں اور وائیوں کے بلند پایہ سندھی شعراء سندھ میں شہرت پاچکے ہیں۔ اور سندھی ادب میں پانچ ہزار سے اوپر کافیوں اور وائیوں کی شایع شدہ کتابیں موجود ہیں اور کئی مسودے اشاعت کے منتظر ہیں۔ سندھی کے سب سے بڑے عالم، محقق اور مصنف ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ کی ''کافی'' کے عنوان سے تین ضخیم مرتب شدہ کتابیں شایع ہوچکی ہیں۔ ادھر سندھی کلام (کافی روائی) کے عربی، فارسی، انگریزی، اردو، پنجابی، سرائیکی، بلوچی، براہوئی اور دوسری زبانوں میں

تراجم کا سلسلہ بھی چل رہا ہے۔

چونکہ ایک زبان کی شاعری، دوسری کسی بھی زبان میں اصل رنگ ڈھنگ میں پیش کرنا بے انتہا مشکل کام ہے اس لئے سندھی کلام کا اردو یا کسی دوسری زبان میں ترجمہ کچھ زیادہ نہیں ہوا ہے اور جو ہوا ہے وہ آزاد یا نیم آزاد نوعیت میں ہوا ہے۔ کچھ شعرائے کرام نے سندھی کے کلاسیکی (غیر عروضی) کلام کا جو ترجمہ کیا ہے وہ چھندودیائی (ماتراؤں کے) اصولوں سے ہٹ کر کیا ہے۔ کافی روائی، ابیات یا دوہوں کا ترجمہ عروضی شاعری میں ہو، گیت رنگ میں ہو یا آزاد شاعری میں، وہ کیف و سرور پیدا نہیں کر سکتا جو، چھندودیائی سانچے میں ہوتا ہے اس لئے ضرورت اس امر کی تھی کہ سندھی کلام کا اردو ترجمہ اصل چھندودیا اور موسیقی کے مطابق ہو۔

کلاسیکی موسیقی سات سروں (سرگموں) سے ترتیب پاتی ہے ان سروں کا خالص راگوں کے کسی نہ کسی ٹھاٹھ سے تعلق ہوا کرتا ہے جن کی تعداد ۴۲ ہے (۶ راگ + ۳۶ راگنیاں) اس طرح موسیقی کی وجت (لے) کا حساب بھی طے شدہ ماتراؤں پر ہوتا ہے۔ سندھی کافی روائی چوں کہ کلاسیکی موسیقی کے اصولوں پر گائی، بجائی جاتی ہے اس لئے اس کی دلکشی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس بنا پر میں نے سوچا تھا کہ کافیوں اور وائیوں کا اردو میں ایسا ترجمہ ہو کہ کافیوں اور وائیوں کی روح مجروح نہ ہو۔ مجھے فخر ہے کہ اس سوچ کے مطابق میں نے سندھی کلام کو اردو میں ڈھالنے کے کام کی ابتدا کی اور اکادمی ادبیاتِ پاکستان کے سہ ماہی جریدہ ''ادبیات'' نے میرے کیے ہوئے سندھی کلام کا اردو ترجمہ شایع کیا۔ اب میں سندھی شعرائے کرام کی سندھی کافیوں اور وائیوں کے اردو ترجمہ پر مشتمل یہ کتاب پیش کر رہا ہوں۔ یہ کام میں نے اکادمی ادبیاتِ پاکستان کے چیئرمین کے کہنے پر کیا ہے۔

کچھ عرصہ پہلے مجھے بذریعہ خط چیئرمین اکادمی ادبیات نے لکھا کہ میں سندھی شعراء کی کافیوں اور وائیوں کے انتخابات پر مشتمل دو ڈھائی سو صفحات کی کتاب ترتیب دوں جو اردو زبان میں ہو۔ یعنی انہوں نے مجھ سے سندھی کلام کے اردو ترجمہ کا مطالبہ کیا۔ یہ کام آسان نہیں تھا۔ ہزاروں کافیوں اور وائیوں سے انتخاب اور کما حقہ اردو ترجمہ بہت بڑا مسئلہ تھا مگر میں نے ہمت سے کام لینے کا فیصلہ کیا۔

میں نے ارادہ کیا کہ ایک ایک شاعر کی دس پندرہ یا کچھ کم کچھ زیادہ کافیوں/وائیوں کا ترجمہ پیش کروں۔ اس طرح زیادہ کتب بھی ڈھونڈنی نہیں پڑیں گی اور کام بھی نسبتاً آسان ہوگا۔ مگر اس میں قباحت یہ ہوتی کہ اس طرح محدودے چند شعراء کا زیادہ کلام کتاب میں آتا اور بہت کم شعراء کا تعارف

ہوتا۔ اس لئے میں نے سوچا کہ ایک شاعر کے ایک کلام سے کتاب مکمل کروں لیکن اس طرح بڑے بڑے کلاسیکی شعراء کے کلاسیکی کلام سے انصاف ناممکن ہو جاتا۔ لہٰذا میں نے میانہ روی کا فیصلہ کیا کہ بڑے شعراء کا اعلیٰ کلام زیادہ اور نئے دوستوں کا کلام کم ہو، کہ شعرائے کرام اور ان کے کلام کا تعارف بھی ہو جائے تو کلاسیکی وائیوں اور کافیوں سے انصاف بھی ہو سکے۔

اس کتاب میں بڑے بڑے اور اُبھرتے ہوئے اچھے شعراء کا اعلیٰ اور اچھا کلام بصورت اردو ترجمہ موجود ہے میں نے کوشش یہ کی ہے کہ اردو ترجمہ ہر صورت سندھی، کلام کی چھند و دیائی ماتراؤں، راگوں راگنیوں کے عین مطابق ہو کہ کافی روائی وہی چیز رہے، گیت، نظم، غزل یا آزاد شاعری نہ ہو جائے چونکہ میں ایک حد تک ہی موسیقی سے واقف ہوں اس لئے خود گا کر تجربہ نہیں کر سکتا تھا کہ ترجمہ کی دُھن اور اصل کلام کی دُھن سو فیصد ایک ہے یا نہیں؟ اس لئے اپنے بڑے بھائی بہادر شاہ بخاری سے مدد لینا پڑی انہوں نے سندھی کلام اور اردو ترجمہ گا کر اطمینان ظاہر کیا۔

میں یہ کتاب پیش کرتے ہوئے، بے حد مسرور ہوں کہ اس طرح میں نے دوہری خدمت کی ہے۔ سندھی زبان و ادب کی بھی تو اردو زبان و ادب کی بھی۔ علاوہ ازیں مجھے یہ بھی مسرت ہے کہ اکادمی کے چیئر مین نے مجھے لائقِ خدمت سمجھا کہ میں سندھی کلام اردو روپ میں ڈھالوں اس لئے میں ادبیات کے چیئر مین کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

میں اگر چہ اپنے کام سے خاصا مطمئن ہوں مگر کسی بھی صورت میں مجھے حق حاصل نہیں ہے کہ اپنے کام کو حتمی، حرفِ آخر یا غلطیوں سے مبرا سمجھوں، ہو سکتا ہے کہ سندھی کلام کو اردو روپ دیتے ہوئے کچھ الفاظ سے انصاف ہو نہ سکا ہو۔ سندھی کے کئی ایسے الفاظ ہیں جو اردو میں استعمال نہیں جا سکتے کیے اور کچھ ایسے ہیں جن کے لئے اردو میں متبادل لفظ نہیں ہوتا۔ ادھر قافیہ اور ردیفیں الجھائیں تو کیا ہو؟ اس صورت میں الفاظ، کافیوں اور ردیفوں کی تبدیلی ناگزیر ہو جاتی ہے کیوں کہ سوائے اس کے دوسرا کوئی چارہ کار نہیں ہوتا۔ ان دشواریوں سے گذر کر میں نے سندھی کلام کا جو اردو ترجمہ پیش کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ سندھی کلام کی روح اور موسیقی کی دھن کے مطابق ہے، شاید میری یہ رائے من و عن تسلیم نہ کی جائے مگر یہ ضروری بھی تو نہیں ہے کہ دوسرے اصحاب بھی یہی کچھ کہیں جو میں نے کہا ہے۔ مجھے امید ہے کہ یہ کتاب اردو ادب میں ایک اچھا اضافہ ہو گی۔

شاہ عبداللطیف بھٹائی

(۱۶۸۹/۹۰۔۱۷۵۱/۵۲ء) سندھ کے عظیم شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی کا شمار دنیا کے بڑے شعراء میں ہوتا ہے۔ ان کا کلام بیت اور وائی کی اصناف پر مشتمل ہے۔ آپ کے مجموعہ کلام کو ''شاہ جو رسالو'' کہا جاتا ہے، جس کے کئی عالمی زبانوں میں تراجم ہو چکے ہیں۔ آپ کا مزار بھٹ شاہ ضلع مٹیاری (سندھ) میں واقع ہے۔

صورت میں تُو خلیل
اندر میں تو، تُو آذر ہے
صحت تب تک دور ہے
جب تک ہے تو علیل
اندر میں تو، تُو آذر ہے
نام نہیں ہے نفاق کا
جس جا رب جلیل
اندر میں تو، تُو آذر ہے
واحد کے تو وصال میں
شرک نہیں ہے دلیل
اندر میں تو، تُو آذر ہے
ظاہر مسلمان ہے
باطن قلب قلیل
اندر میں تو، تُو آذر ہے
الا! ''عبداللطیف'' کہے
حق کی ہو تعمیل
اندر میں تو، تُو آذر ہے

☆☆☆

دوست میرے گھر در آیا
موقع ملن کا پایا
بعد دنوں کے، پھر ہے ہم سے
مولا نے محبّ ملایا
دوست میرے گھر در آیا
ہجر گیا اور ملاپ ہوا
رب نے سَمے لوٹایا
دوست میرے گھر در آیا
سنتے تھے جو دور بہت ہے،
آج قریب وہ آیا
دوست میرے گھر در آیا
عبداللطیف کہے آکر انہوں نے
فیض فضل فرمایا
دوست میرے گھر در آیا
موقع ملن کا پایا
دوست میرے گھر در آیا

☆☆☆

سچل سرمستؒ

(۱۷۳۹ء۔۱۸۲۹ء) آپ کا اصل نام عبدالوہاب ہے۔ سچل سرمست، منصورِ ثانی اور سندھ کے عطار کے القاب سے بھی یاد کیے جاتے ہیں۔ آپ کی شاعری چار سے زیادہ زبانوں میں ملتی ہے۔ آپ وحدت الوجود کے نظریے کے داعی تھے۔ آپ کا مزار درازہ شریف، ضلع میر پور میرس میں واقع ہے۔

کہا میں نے: پئے دیدار، تیرے در پہ آئیں گے
لگے کہنے: نہیں ممکن، ہم اپنا رخ چھپائیں گے
کہا دلدار سے: میں ہوں سوالی تیری الفت کا
لگے کہنے: سوال ایسا نہیں ہم مان پائیں گے
کہا میں نے: کروں گا آپ کے در کی میں دربانی
لگے کہنے کہ: دروازے کبھی کھولے نہ جائیں گے
کہا میں نے کہ: مر جاؤں تو آنا میری مرقد پر
لگے کہنے کہ: ہم ایسے نہ ہرگز غم اٹھائیں گے
کہا میں نے کہ: اے دلبر! نہ میری آبرو کم کر
لگے کہنے: ابھی کیا ہے؟ تیرا تن من جلائیں گے
کہا میں نے: نہ ٹھکراؤ جو آیا ہے "سچو" سائل
لگے کہنے کہ: خوش ہو جا، تمہیں اپنا بنائیں گے

☆☆☆

سچل سرمستؒ

چاروں اور سجن کا جلوہ، خوابوں میں ہے آیا
وحدت سے ہے کثرت پھوٹی، رنگی نے رنگ رچایا
طرح طرح کے بھیس بدل کر، اس نے خود کو چھپایا
حسن ہادی کا ہے یہ عالم، کچھ بھی نہیں ہے پرَایا
چھپا ہوا ہے سامنے آکر، کیسا یہ ہنر دکھایا
''سچہ ڈنہ'' کی صورت میں ہے، رمزئی یہ لایا
چاروں اور سجن کا جلوہ، خوابوں میں ہے آیا

☆☆☆

سچل سرمستؒ

اپنی ذات چھپا کر، کیوں کچھ اور کہلاؤں
ظاہر کروں میں ذات کو، تو یہ جسم تڑواؤں، کیوں کچھ اور کہلاؤں
منصوری کی موج میں ، انا الحق ہی گاؤں، کیوں کچھ اور کہلاؤں
وادی میں محبت کی، سر سے گذر میں جاؤں، کیوں کچھ اور کہلاؤں
اعلیٰ اعظم شان کا، عشق نقارہ بجاؤں، کیوں کچھ اور کہلاؤں
ظاہر باطن ایک ہے، میں احکام چلاؤں، کیوں کچھ اور کہلاؤں
''سچّو'' سارا ہی سچ ہوا، یہ حکمت سمجھاؤں، کیوں کچھ اور کہلاؤں

☆☆☆

فقیر قادر بخش بیدل

(۱۸۱۴ء۔۱۸۸۲ء) آپ کا تعلق روہڑی (سندھ) سے ہے۔آپ کا شمار سندھ کے ممتاز صوفی شعرا میں ہوتا ہے۔آپ کے کلام میں وحدت الوجود کا عقیدہ کارفرما ہے۔علمی وادبی، فنی وفکری ہر اعتبار سے بیدل فقیر کا کلام اعلیٰ خوبیوں کا حامل ہے۔ انھوں نے سندھی کے علاوہ عربی، فارسی، اُردو اور سرائیکی زبانوں میں بھی شعر کہے۔نثر اور نظم میں اُن کی بیس سے زائد تصانیف ہیں۔

سرّ اسرار حقیقی ہوں میں، صورت کو انسان میاں
ذات صفات سے رنگ انوکھا
نہیں ہے نام و نشان میاں
صورت کو انسان میاں
جسم نے مجھ کو دکھوں میں ڈالا
میں ہوں جانِ جہان میاں
صورت کو انسان میاں
''بیدل'' ہرسُو نظارا میرا لامکان ہو یا مکان میاں
صورت میں انسان میاں، سر اسرار حقیقی ہوں میں

☆☆☆

فقیر قادر بخش بیدل

سیکھ رمز وجود بھلانے کی
نہیں حاجت پڑھنے پڑھانے کی
اکھروں اِک میں ہے جو بھی الجھا
عشق کی منزل پر نہیں پہنچا
اثباتی کا علم جو سیکھا ملی راہ اسے بڑھ پانے کی
مِلا کبھی نہ دلیل سے دلبر، عقل نہیں اس راہ میں رہبر
پائے رمز کوئی صوفی بے سر، شاہی طبل بجانے کی
بحرِ عمیق میں جو اُترے گا، دین کفر سے وہ اُبھرے گا
ہر اک بات سمجھ پائے گا، ذات صفات اپنانے کی
''بیدل'' بات وحدت کی سمجھو، وہم طلسم شرک کا توڑو
جا کے عروج نزول میں لے لو
لذت آنے جانے کی

☆☆☆

فقیر قادر بخش بیدل

ہر رنگ میں ہے نظارا تیرا، واہ بے رنگ نیارا تُو
گھر چُو چک کے چاک ہوا ہے، صاحب تخت ہزارا تُو
واہ بے رنگ نیارا تو
لی مع اللہ وقت والا، دیتا ہے خاص اشارا تُو
واہ بے رنگ نیارا تو
بھیس وُجودی میں ہے کرتا، اپنا آپ نظارا تُو
واہ بے رنگ نیارا تو
''بیدل'' کو سمجھا دے ساجن، سُر وحدت کا سارا تُو
واہ بے رنگ نیارا تو

☆☆☆

فقیر قادر بخش بیدل

میں تو ہوں اسرار، عالم سمجھے آدمی
عرش سے آکر، فرش پر
عشق کرے اظہار، عالم سمجھے آدمی
چلتی نہیں ہے پریم میں
دین، کفر، تکرار، عالم سمجھے آدمی
بات غلامی کی نہیں
نور ہوں میں نروار، عالم سمجھے آدمی
''بیدل'' بندہ نہیں تُو، کر مجھ پر اعتبار
عالم سمجھے آدمی! میں تو ہوں اسرار

☆☆☆

فقیر محمد محسن بیکس

(۱۸۵۹ء-۱۸۸۲ء) آپ بیدل فقیر کے فرزند تھے۔ کافی اور بیت کے بلند پایہ شاعر تھے۔ عین عالمِ شباب میں صرف ۲۴ برس کی زندگی میں وفات پائی۔ ان کے کلام میں حسن و عشق کا اظہار بہت ہی مؤثر انداز میں ملتا ہے۔ سندھی، سرائیکی اور ہندی زبانوں میں شاعری کی۔ آپ کا مزار بھی روہڑی میں واقع ہے۔

عزیزوں کی اُکیرا، ہائے رلائے رات دن
میں یہاں حیران، ان کی خاطر
وہ ہنس ہنس کھائیں کھیر
ہائے رلائے رات دن
قید سے کر آزاد مجھے تُو، اے عمر جام امیر
ہائے رلائے رات دن
عزیزوں کی آس پر، لوئی۲ لیرو لیر
ہائے رلائے رات دن
بیکس بے بس ہوگئے مارُو،۳ میری پھوٹی تھی تقدیر
ھائے رلائے رات دن
عزیزوں کی اُکیر، ہائے رلائے رات دن

☆☆☆

۱ محبت، خلوص، عقیدت، پریت

۲ تھر کی مخصوص اُونی شال

۳ رشتہ دار، عزیز

خادم تمہیں پکارے، لوٹ کے آجا ساجن میرے
سوز فراق و درد تمہارا، مار کے پھر سے مارے
لوٹ کے آجا ساجن میرے
سُن تو میرے درد کی آہیں، آجا، آجا، آرے
لوٹ کے آجا ساجن میرے
نہیں مناسب لالن! تم کو، دور تُو مجھ سے گزارے
لوٹ کے آجا ساجن میرے
''بیکس'' مانگے ہے سنگ تیرا، زندہ تیرے سہارے
لوٹ کے آجا ساجن میرے! خادم تمہیں پکارے

☆☆☆

بُلھے شاہؒ

(۱۶۸۰ء۔۱۷۵۷ء) آپ پنجابی زبان کے معروف صوفی شاعر ہیں۔ سندھ کے صوفی شعرا اور بلھے شاہؒ کی کافیوں کی ساخت تقریباً ایک جیسی ہے۔ شاعری کے لحاظ سے بلھے شاہؒ اور سندھ کے صوفی شعرا خصوصاً شاہ لطیفؒ میں بڑی فکری و فنی مماثلت پائی جاتی ہے۔

کیا جانے دم کوئی، وو یار کیا جانے دم کوئی
سپنے اندر ساجن ملیا، خوشیاں کر کر سوئی
وو یار کیا جانے دم کوئی
اٹھ بیٹھوں تو نظر نہ آئے، ڈھونڈوں شہر اور روہی[۱]
وو یار کیا جانے دم کوئی
چولے[۲] اندر جوئی بولے، یار تو میرا سوہی
وو یار کیا جانے دم کوئی
بُلھے شاہ کو شاہ عنایت، شوق شراب دِتوئی[۳]
وو یار کیا جانے دم کوئی

☆☆☆

۱۔ جبل۔ پہاڑ۔ علاقہ
۲۔ پیرہن۔ قمیض
۳۔ تو نے دی

فقیر روح اللہ روحل زنگیجو

(۱۷۳۴ء۔۱۸۰۴ء) روحل فقیر سندھی صوفیانہ فکر کے اہم شاعر ہیں۔ سندھی، ہندی اور سرائیکی زبانوں پر عبور رکھتے تھے۔ ان تینوں زبانوں میں ان کے بلند پایہ اشعار ملتے ہیں۔ روحل فقیر تصوف میں وحدت الوجود کے بڑے شارح اور مبلغ ہیں۔ انھوں نے وحدت، کثرت اور ہمہ اوست وغیرہ جیسے مسائل پر نہایت خوش اسلوبی اور تفصیل سے لکھا۔

کنڈڑی! میں کلتار، ملا ہے رانجھا رمزوں والا یار
''وَفی اَنفسکم افلا تبصرون''، مخفی ہے اسرار
ملا ہے رانجھا رمزوں والا یار
رمز رِندوں کی کوئی پَرکھے، برہ بڑی سرکار
ملا ہے رانجھا رمزوں والا یار
وحدت والا رستہ چل تو، چلتا رہ تو یار
ملا ہے رانجھا رمزوں والا یار
''روحل'' اسی رمز میں رہنا، یہی ہے راہ قرار
ملا ہے رانجھا رمزوں والا یار

☆☆☆

فقیر رُوح اللہ رُوحل زنگیجو

عشق مِلا، من پیارے کا
پیارے، راج دُلارے کا
لوگوں کو تو موت ہی مارے
عاشق قتل نظارے کا
عشق مِلا من پیارے کا
باغ جہاں میں کِھل اٹھا ہے
ایک ہی پھول ہزارے کا
عشق مِلا، من پیارے کا
''رُوحل'' رَین ہجر کی گذری
وقت ہے وصل سہارے کا
عشق مِلا، من پیارے کا

☆☆☆

فقیر رُوح اللہ رُوحل زنگیجو

کوئی کہے رُوحل، روح اللہ، کوئی کہے، ذات زنگیجا
نہیں رُوحل، نہیں ذات زنگیجا، یہ تو سرِّ الٰہی ہے
کفر اسلام دونوں سے نیارا
جیسے جَل میں نظرے تارا
دل دریا میں کھیل ہمارا
جیسے آب میں ماہی ہے
کوئی جھوٹا کوئی سچا مانے
رمز رندی کی کوئی نہ جانے
وہ کیا ہمارا حال پہچانے
جس دل میں داغ سیاہی ہے
کامل مرشد رہبر آیا
''رُوحل'' کو روح اللہ بنایا
ذات ملی آخر ذاتوں میں
دیتا عشق گواہی ہے، یہ تو سَرِّ الٰہی ہے

☆☆☆

فقیر روح اللہ روحل زنگیجو

آنکھیں پریم پیالا پیئیں سیکھ گئی ہیں اِچالی
دیکھوں جہاں ہے موہنی مورت، میرے ماہی والی
سیکھ گئی ہیں چالی

رگ رگ اندر جھوک ہے جس کی
جگہ نہیں کوئی خالی
سیکھ گئی ہیں چالی

جس نے دل میں دوست نہ دیکھا
کاٹے اس کو ناگن کالی
سیکھ گئی ہیں چالی

''رُوحل'' رنگ ربانی رنگیا، درجہ پایا عالی
سیکھ گئی ہیں چالی
آنکھیں پریم پیالا پیئیں

☆☆☆

مراد فقیر کنڈڑی والا

(۱۷۴۴ء۔۱۷۹۶ء) سچل سرمست کے ہمعصر مراد فقیر بیت اور کافی کے اچھے شاعر تھے۔سندھی، ہندی، سرائیکی اور فارسی زبانوں کے باکمال شاعر تھے۔اکثر کلام ابیات پر مشتمل ہے۔ان کے ابیات کا ایک سلسلہ ''عشقیہ'' کے نام سے موجود ہے ،جس میں معرفت کی منازل کو تفصیل کے ساتھ اُجاگر کیا ہے۔

آپ سے درشن پایا، رے سادُھو آپ سے درشن پایا
ہیرو اَمول ہے، تاسوں لہر لگایا
چنچل چتِ نہچل بھیو میرو، لعل امر بھئی کایا
رے سادھو! تاسوں لہر لگایا
بھئے کرپا تب بندھن ٹوٹے
ستِ گور الکھ لکھایا
رے سادھو! تاسوں لہر لگایا
آشا ترشنا من گئی من کی، مِلی منگل مایا
رے سادھو! تاسوں لہر لگایا
کہے ''مراد'' مِٹی جب ممتا، سہجی سہج سمایا
رے سادھو! تاسوں لہر لگایا

☆☆☆

(ہندی کلام شبد)

مراد فقیر کنڈڑی والا

میرے پیا کو سنیہو جا کہیو
کیوں نہیں آوت کا ہے کو بیٹھ رہیو

میں تو تمری چیری، کاری نہ کرتا میری
بالم بدیش جا کے پھیری
سُدھ کیوں نہ لہیو؟ کاہے کو بیٹھ رہیو

وینتی کرت تو ہے، موہن ملا دو موہے
بل بل جاؤں، پی نہ بساروں تو ہے، پی
آ کے مُکھ دکھیو، کا ہے کو بیٹھ رہیو

ہس ہس گرہ لگاؤں، من کی ''مراد'' پاؤں
جب ملے دکھ بھجن، سندر کنیہو، کا ہے کو بیٹھ رہیو
میرے پیا کو سنیہوا جا کہیو

☆☆☆

مراد فقیر کنڈڑی والا

آجا رے آجا وو یار، آجا دیکھ لے حال ہمارا
میں پیادہ پہنچ نہ پاؤں لوٹیے میرے ستاّر
آجا دیکھ لے حال ہمارا
آیا وقت وصال کا مل جائے دیدار
آجا دیکھ لے حال ہمارا
صبح کی امید پر ہیں کئی لاکھ ہزار
آجا دیکھ لے حال ہمارا
مجھ کو آج ''مرادؔ'' کہے دے محبت اے منٹھار
آجا دیکھ لے حال ہمارا

☆☆☆

رانجھا میرے گھر آیا سئیاں، رانجھا میرے گھر آیا
''وفی انفسکم'' دیکھ تُو ہی تو، وہ دل اندر پایا
رانجھا میرے گھر آیا
جس کو میں نے ڈھونڈا برسوں، وہی اللہ نے ملایا
رانجھا میرے گھر آیا
جس کی حقیقت ''مراد'' سنائے، اس نے فضل فرمایا
رانجھا میرے گھر آیا، سئیاں
رانجھا میرے گھر آیا

☆☆☆

مراد فقیر کنڈڑی والا

یاروں سے ہے بسنت ہمیشہ، گھر اپنا مہکاؤں گی
رُت بسنت تو آئے جائے
غیر کے سنگ نہ جاؤں گی
گھر اپنا چمکاؤں گی
باغ ہمارا باغ بہاراں
اُس میں سجن ٹھہراؤں گی
گھر اپنا چمکاؤں گی
بے حجاب سدا دل جانی
پریت "مراد" میں پاؤں گی
گھر اپنا چمکاؤں گی، یاروں سے ہے بسنت ہمیشہ

☆☆☆

نانک یوسف

(۱۷۹۲ء-۱۸۵۳ء) سچل سرمت کے مرید اور شاگرد تھے اور سچل کے فکر اور خیال سے بے حد متاثر تھے۔ انھوں نے سندھی، سرائیکی اور ہندی میں شاعری کی۔ ان کا کلام ڈاکٹر تنویر عباسی نے ۱۹۸۲ء میں ''نانک یوسف جو کلام'' کے نام سے تحقیق کر کے شائع کیا۔

میں نے عمر بے سود گذاری ہائے ہائے جوانی میں
تو ہی ہے سمجھانے والا مجھ کو پریت جوانی میں
اُن کو تُو ہی پریت سکھادے جن کا حال جوانی میں
تیری اور ہی حامی ہوگی، ان کی طرح جوانی میں
غفلت اور گمراہی میں ہوں۔ گزرے دم نادانی میں
جیسی بھی ہوں تیری ہوں میں، لے لیجئے قربانی میں
درد اور غم اور ہجر میں تڑپوں۔ بھٹکوں پریشانی میں
مجھ جیسی بدکار نہیں ہے، یار تیری سلطانی میں
''یوسف'' قرب اللہ کا حاصل اللہ کی مہمانی میں
سنگ ہیں ہم ''سچل'' کے نانک، لے لیگا مہربانی میں

☆☆☆

گم ہو کر دیکھ نظارا، آپ سارا محبوب کی صورت میں
دیکھ نور جمال نظر میں، تصویر نگار اندر میں
دیکھ عاشق عشق اشارہ، برہ نقارا، محبوب کی صورت میں
رکھ دھیان فقط دلبر کا، کوئی ڈر نہ خوف و خطر کا
اسم جسم کر دل سارا آخر گزارا محبوب کی صورت میں
جسے پریتم اپنا بنائے، پھر موت اسے کیوں آئے
ہمیں ہے یہ یقین خدارا، کر اعتبارا، محبوب کی صورت میں
تو عشق میں بیخود ہو کر، جند جان سے بھی ہاتھ دھو کر
بجا دے عشق نقارہ اناالحق نعرہ، محبوب کی صورت میں

☆☆☆

نانک یوسف

دلبر درد مندوں کو، دلداریاں دیجئے
کشتی پہ بٹھا کر منجدھار میں نہ چھوڑیئے، دلداریاں دیجئے
ایسی ویسی میں تیری، حال مجھ سے پوچھیے، دلداریاں دیجئے
میں لائق تو نہیں مگر اپنا کرم کیجئے، دلداریاں دیجئے
یار ''یوسف'' کی عاجزی، اب تو مان لیجئے، دلداریاں دیجئے

☆☆☆

پیر محمد اشرف

(۱۷۹۹ء۔۱۸۶۰ء) پیر محمد اشرف گاؤں کرم حجابی تحصیل ٹنڈو باگو ضلع بدین میں پیدا ہوئے۔ ان کا کلام مداح، مولود، مناقبے اور کافی اصناف پر مشتمل ہے۔ ان کے کلام پر رومان اور مذہبی رنگ غالب ہے۔

آدم کیسی ذات، کون دیس سے آیا ہے
حق کی ذات صفات، رنگیں بُرقعہ پایا ہے
''انا احمد'' بنسی سنائی، ''قم باذنی'' بین بجائی
''صُمٌ بُکمٌ'' کی ہے بات، سب مجھ سے کہلاوایا ہے
صورت صورت رنگ برنگی، حسن ہادی کا ہے ہر رنگی
ان کے احسانات، خود آکر مُکھ دکھلایا ہے
وحدت کے دریا میں پہنچوں، میں امواج میں اس کو پاؤں
اس قلزم کے خطرات، کیا کیا رنگ جمایا ہے
''اشرف'' عشق نے مست بنایا، مستی والا جام پلایا
عشق کے ہیں اثرات، نور اپنا پھیلایا ہے

☆☆☆

پیر محمد اشرف

نفع ضرر کی، خبر ہے تم کو، وقت عبادت بے خبری
بن ٹھن کے تُو ہنر چلائے، عین یہی ہے بے ہنری
کامل بزرگ نیک کہلائیں، ٹھگ ٹھگی کے چکر چلائیں
ظاہر میں پر آنسوں بہائیں، اثر نہ کوئی بے اثری
دوست بھلا کر ہوئے دیوانے، لمبے سجدے نفل دوگانے
یار حقیقی بِنان یارانے، یہ ہے سراسر بے ثمری
گئی جوانی آئی پیری، ظاہر ہوئے عنوان ظہیری
ریش سفید احوال صغیری، پھر بھی تمہیں ہے بے فکری
''اشرف'' عاشق تُو کہلائے، قربانی سے دور ہو جائے
پھر اِترانا تیرا ہائے، صبر کیوں تیری بے صبری

☆☆☆

فقیر مسکین نمانا

دلدار تیرے ہاں میں، کاسہ بدست آیا
دیدار دان دے دو، دکھ میرے چھین لے لو
پہلو میں آکے بیٹھو، تیرے عشق نے ستایا
تیرا حسن کمالی، دیکھے کوئی موالی
لاغرض لا اُبالی، مجنوں مجھے بنایا
تیری ہے بے نیازی، میری ہمیشہ آزی
ہو جا اے یار راضی، تو نے مجھے جَلایا
"مسکین" یہ بچارا، مانگے تیرا سہارا
گھونگھٹ اٹھادے سارا، مجھے سمجھ نا پَرایا

☆☆☆

محمد فقیر گھوٹہ

(۱۸۸۱ء۔۱۹۶۰ء) محمد فقیر گھوٹہ کا تعلق گھوٹکی سندھ سے تھا۔ سلسلہ اویسیہ سے وابستہ تھے۔ ان کا کلام سندھی، سرائیکی اور فارسی میں قلمی صورت میں موجود ہے۔

پڑھ سبق اول صفائی کا، پھر ملے گا ملک بقائی کا
تم کثرت سے ہو کنارہ کش، کر وحدت ورد وفائی کا
پھر ملے گا ملک بقائی کا
چکر بازی چلتی نہیں ہے، صوفی سیر صفائی کا
پھر ملے گا ملک بقائی کا
لے لے مزہ محبوبی من میں، رہبر رنگ رسائی کا
پھر ملے گا ملک بقائی کا
رندی راز ربوبی ملیا، محمّد مہر بھلائی کا
پھر ملے گا ملک بقائی کا

☆☆☆

بڈھل فقیر

(۱۸۶۵ء۔۱۹۳۹ء) بڈھل فقیر ولد عبدالواسع شکارپور میں پیدا ہوئے۔ سلسلہ قادریہ سے تعلق رکھتے تھے۔ بیت اور کافی کے اچھے شاعر تھے۔ تصوف کے نکات کے علاوہ ان کے کلام میں حُسن و عشق کا اظہار بھی ملتا ہے۔

تیری آنکھوں کے اسرار ہزاروں حیران کیے
پیر، پیمبر، شاہ سکندر، کامل، کلغیدار، تو نے مستان کیے
ان کجرالیوں نے کئی مارے، ابروں کی جھلکار، کئی دیوان کیے
عشق مجنوں کو بر میں بٹھائے، بیلوں میں گرفتار، غم نے گھمسان کیے
عشق ''بڈھل'' ہے بے حد مشکل، دردوں کی یلغار، کئی سامان کیے

☆☆☆

ایسر

(۱۸۳۵ء۔۱۸۹۰ء) فقیر ایسر داس درگاہ دلازا شریف کے معتقد تھے۔ اسی رنگ میں ساری زندگی بسر کی۔ ان کا کلام سلوک اور کافی پر مشتمل ہے۔ انھوں نے اپنے کلام میں حُسن وعشق کو سوز وگداز کے ساتھ نہایت موئثر انداز میں پیش کیا۔

جس کو راول[1] رمز چکھائی
وہ دل گائے ماہی ماہی

عشق ماہی کا لائے اداسی برہ آگ بھڑکائی
ھیر رانجھے کی پریت نمایاں، دنیا کی ہے گواہی
ہر لڑکی ماں باپ کی جائی[2]، ہیر عشق کی جائی،
وہ دل گائے ماہی ماہی
سوہنی کو پریت مینہوال کی، گھر میں کیسے ٹھہرے
سچی مئے کی پی کر پیالی، رنگ ترنگ میں آئے
ڈوبتے میں مینہوال پکارے، بیچ منجدھار ہے آئی
وہ دل گائے ماہی ماہی
دیور سسئی کا پنوں لے گئے، اونٹوں پہ اس کو لادے
پھرے دیوانی ہوت کی خاطر، پنوں پنوں پکارے
عشق بلوچ کا اس کو ستائے، قسمت ایسی پائی
وہ دل گائے ماہی ماہی
قلعے میں ہوئی قید مارُئی، خون کے آنسوں روئے
مانگے دعائیں، ملے آزادی اچھا دن بھی آئے گا
ہنسے کھیلے اپنی سکھیوں سے، اس کی ہے یہ دُہائی
وہ دل گائے ماہی ماہی

☆☆☆

۱۔ ساجن۔ محبوب
۲۔ جنمی

فقیر چھٹو سانگی

(۱۸۹۲ء-۱۹۲۲ء) فقیر چھٹو سانگی (محمد چھٹل) ولد محمد بچل سانگی کا تعلق تحصیل میرو خان ضلع لاڑکانہ سے تھا۔ سندھی کافی اور مناظرہ کے معروف شاعر مانے جاتے ہیں۔ ان کا سندھی اور سرائیکی کلام ۱۹۷۳ء میں مجموعے کی صورت میں شائع ہوا۔

دل کو کرے پاگل، رمزوں والے راز سے
کبھی بٹھائیں قریب تر، کبھی کہیں چل چل
بے غرضی کے غماز سے

قاصد کی پرواہ نہیں، خود پوچھیں پل پل
نشئہ عشق کے ناز سے

نام و ذات سے واقف بھی سنیں وہ حالِ دل
پیار بھرے انداز سے

''چھٹے'' جیسا نہیں ملے گا، نینوں کو نرمل!
کیا لڑے بلبل باز سے

☆☆☆

خواجہ غلام فریدؒ

(۱۸۴۵ء۔۱۹۰۱ء) خواجہ غلام فرید سرائیکی کے عظیم شاعر ہیں۔وہ کافی کے باکمال شاعر تھے۔سرائیکی کے ساتھ ساتھ ان کا کچھ کلام سندھی میں بھی ملتا ہے۔خواجہ صاحب کی خاص پہچان سرائیکی کافی سمجھی جاتی ہے۔ان کا کلام سوز و گداز کا حامل ہے۔

عشق تیرے کے یہ انصاف، سر پہ زخم سجاؤں گا
پھر بھی احسان گاؤں گا

سجدہ جانب! تیری جانب، تیرے گرد طواف
قدم قدم جھک جاؤں گا، پھر بھی احسان گاؤں گا

تیری سیرت، صورت سوہنی، عجب تیرے اوصاف
سر قدموں میں لاؤں گا، پھر بھی احسان گاؤں گا

تن من دھن جیون تیرا، سچ ہے نہیں یہ لاف
تیرے سر کی قسمیں کھاؤں گا، پھر بھی احسان گاؤں گا

ذکر فکر ہے، تیرا دم دم، میری بات ہے صاف
عبد تیرا کہلاؤں گا، پھر بھی احسان گاؤں گا

خادم نوکر یار کا ہوں میں، نہیں ''فرید'' خلاف
یار کی منشا پاؤں گا، پھر بھی احسان گاؤں گا

☆☆☆

خواجہ غلام فریدؒ

اے دل! تو اب کیوں ہے پریشاں
پنُوں نہیں اُس پار

آؤ مل کر رہیں اکھٹے، جوبن کے دن چار
پنُوں نہیں اُس پار

بادل برسیں سوکھا جائے، تھل ہو باغ بہار
پنُوں نہیں اُس پار

خوش ہوکر ہم فیض ہی پائیں، رُوٹھ نہ سانول یار
پنُوں نہیں اُس پار

تم بن میرا جینا مشکل، جھیلوں درد ہزار
پنُوں نہیں اُس پار

یار ''فریدؔ'' نہ بھولے ساجن، یاد رہا دلدار
پنُوں نہیں اُس پار

☆☆☆

ہر دل کا دلدار یار میرا
سوہنوں کا سردار یار میرا

کہیں مُلا، کہیں حق کا نعرہ منصور، سردار یار میرا
سوہنوں کا سردار یار میرا

خود ہی چھپائی راز حقیقت، خود ہی کرے اظہار یار میرا
سوہنوں کا سردار یار میرا

کہیں بلبل کہیں گل کی صورت، برگ کہیں، کہیں خار یار میرا
سوہنوں کا سردار یار میرا

کہیں ڈھولک ہے کہیں ترانہ، کہیں صوفی ہے سرشار یار میرا
سوہنوں کا سردار یار میرا

یار ''فرید'' نہیں کوئی پردہ، خود پردہ ہے یار یار میرا
سوہنوں کا سردار یار میرا

☆☆☆

مصری شاہ نصر پوری

(۱۸۲۸ء۔۱۹۰۴ء) مصری شاہ ولد بلند شاہ نصر پور میں پیدا ہوئے۔ مصری شاہ کا کچھ کلام سرائیکی، اُردو، ہندی اور فارسی میں بھی ملتا ہے۔ وہ سندھی کافی کے ممتاز شاعر تھے۔

سر قربان ، دل، آنکھیں ،جان، مال متاع ہے دولت تیری

درد علاج میں آپ سے سمجھوں، دکھ سکھ تیرے ،من میں رَکھوں
دلبر تو درمان، کوئی نہ جانے ولایت تیری

''ہوت'' اگر ہوں ہزاروں جگ میں، تیرے پاؤں کی مٹی سے کم ہیں
آپ کی اعلیٰ شان، نرمل! نہیں ہے نہایت تیری

ہر دو جہاں میں نعرہ جس کا، اِدھر اُدھر ہے جلوہ جس کا
اس کا پڑھوں قرآن، مجھے پڑھائے محبت تیری

دلبر تو ہے، ہم جیسوں کا، تو ہی رکھے گا، خیال اپنوں کا
سرنہنگ، لاج قربان، ''مصری'' ہونہ ملامت تیری

☆☆☆

مصری شاہ نصرپوری

ظالم زلف تری زنجیر، کھیلے کھیل رخ رنگیں پر
جیسے سانپ کوئی زہریلا
بے صلح، بڑا بے پیر، کھیلے کھیل رخ رنگیں پر
کرے سارے گھر کا صفایا
جیسے جادوگر، جان گیر، کھیلے کھیل رخ رنگیں پر
دے جزیہ زلف کو عالم، ساری دنیا ہوئی فقیر
کھیلے کھیل رخ رنگیں پر
ہوئے مطیع اس کے ''مصری''
کئی صاحب وحدت ویرا، کھیلے کھیل رخ رنگیں پر
ظالم تری زلف زنجیر، کھیلے کھیل رخ رنگیں پر

☆☆☆

خلیفو چھُٹو درس

(۱۲۷۵ھ۔۱۳۴۸ھ) خلیفو چھُٹو ولد محمد قابل سندھی کے علاوہ ہندی، اُردو، فارسی اور گجراتی زبانوں کے ماہر تھے۔ خوش خط اور اچھے کاتب تھے۔کئی کتابوں کے مصنف اور قادر الکلام شاعر تھے۔ مداح، بیت، کافی اور غزل کے باکمال شاعر تھے۔

دور دنیا سے وہ انسان، خاص خدا سے واصل جوگی
جرأت جوت جمعیت ان کی
خالص خاص ہے نیت ان کی
عشق الٰہی ودیعت ان کی
کلمہ پڑھیں، قرآن، خاص خدا سے واصل جوگی
شہر شہر سے دور رہیں وہ
برہ کی ہر دم بات کریں وہ
دم دم عشق عطر بانٹیں وہ
ان کے لئے کیا سود وزیان، خاص خدا سے واصل جوگی
''درس'' دلاور حق کے طالب
رہیں امارہ پر وہ غالب
تارک دنیا، بن گئے راہب
صوفی صافی صاف جوان، خاص خدا سے واصل جوگی

☆☆☆

فتح فقیر

وفات (۱۸۴۳ء) فتح فقیر کا جنم کگڑ ضلع دادو میں ہوا۔ "مولود، مداح اور کافی کے بہترین شاعر تھے۔ ان کی کافیوں میں فنی و فکری پختگی نمایاں ہے اور ان کے کلام میں وحدت الوجود کا پرچار ملتا ہے۔ وحدت الوجودی فلسفے کے ساتھ ساتھ ان کی کافیوں میں حسن و عشق کی چاشنی بھی ہے اور ہجر و وصل کا ذکر بھی۔

جس کے لئے میں بنی نمانی، مولا محبّ دکھائے گا

برہ سے میں ہوئی بیگانی، میری پیڑا اس نے جانی
آ کر درد مٹائے گا، مولا محبّ دکھائے گا

میں تو لاکھوں عیبوں والی، پنھل کا ہے رتبہ عالی
میرے عیب چھپائے گا، مولا محبّ دکھائے گا

آنے والا، آنے کو ہے، آ کر وہ اپنانے کو ہے
وعدہ اپنا نبھائے گا، مولا محبّ دکھائے گا

''فتح'' فراق برہ کا بھاری، ساجن، ہو کر آیا شکاری
نینن بان چلائے گا، مولا محبّ دکھائے گا

☆☆☆

علامہ ہدایت علی تارک ''نجفی''

علامہ ہدایت علی تارک ''نجفی''، لعلولانک ضلع لاڑکانہ میں پیدا ہوئے۔ بیت اور کافی کے ممتاز شاعر (۱۸۹۴ء۔۱۹۳۹ء) تھے۔انھوں نے عروضِ شاعری اور نثر میں بھی متعدد کتابیں لکھی ہیں۔سندھی کے علاوہ فارسی، عربی، سرائیکی، پنجابی اور اُردو میں بھی شعر کہے۔نظم اور نثر میں تقریباً ۲۰۰ کتابیں تصنیف کیں۔

صوفی بھرے سنسار میں، یہ خوش رہیں اپنے خیال سے
آرام کیا آزار میں، یہ خوش رہیں اپنے خیال سے

کیا ناز میں ، کیا نیاز میں
کیا سوز میں، کیا ساز میں
کیا دور کیا دیدار میں، یہ خوش رہیں اپنے خیال سے

کیا دین کیا کفران میں
کعبہ میں، کیا بتخان میں
تسبیح میں، زنار میں، یہ خوش رہیں اپنے خیال سے

کیا دن میں اور کیا رات میں
کیا نور میں ظلمات میں
کیا زلف میں رخسار میں، یہ خوش رہیں اپنے خیال سے

''نجفی'' نفی، انکار میں
اثبات کے اقرار میں
انکار میں اقرار میں، یہ خوش رہیں اپنے خیال سے

☆☆☆

یہ عشق نے رنگ رچایا ہے
سر اپنا میں نے جھکایا ہے

دین کفر کے توڑ کے بندھن
میں نے عشق اپنایا ہے
سر اپنا میں نے جھکایا ہے

پنجرے سے ہی نکال کے پنچھی
عرش پہ میں نے اڑایا ہے
سر اپنا میں نے جھکایا ہے

دم دم دل میں دلبر سائیں
دھواں درد اٹھایا ہے
سر اپنا میں نے جھکایا ہے

''نجف علی'' بن صادق صوفی
گیت اناالحق گایا ہے
سر اپنا میں نے جھکایا ہے

☆☆☆

علامہ ہدایت علی تارک ''نجفی''

اپنی ذات بنا، پہچانے دوجا سب کچھ خام خیال

جب تک یہ وہ ایک نہ سمجھو، تب تک نہیں ہے کوئی وصال
دوجا سب کچھ خام خیال

ظاہر باطن، ذات صفت میں، ایک ہی جلوہ، ایک جمال
دوجا سب کچھ خام خیال

عرش، عظیم سے اعلیٰ تر ہے، قائم تیرا قرب کمال
دوجا سب کچھ خام خیال

ملت، مذہب سے بالاتر، حاصل کر تو حقیقی حال
دوجا سب کچھ خام خیال
''تارک'' مجھ کو عشق کا نشہ، دیا خدا نے کیف جلال
دوجا سب کچھ خام خیال
اپنی ذات بنا پہچانے

☆☆☆

فقیر محمد صدیق صادق سومرو

(۱۷۵۶ء۔۱۸۴۹ء) صوفی محمد صدیق صادق فقیر ایک اعلیٰ شاعر اور اہل دل انسان تھے۔ درگاہ جھوک کے سجادہ نشین فضل اللہ کے مرید تھے۔ شاہ عبداللطیف کے رسالہ کی طرح ان کا بھی ایک مکمل رسالہ ہے۔ ان کا صوفیانہ کلام بہت ہی اثر انگیز اور دلکش ہے۔

ساتھی ہو تیار، اونٹ آئے گا کاک[۱] میں

مومل تک رانا گیا، چھوٹا انتظار
اونٹ آئے گا کاک میں

وہ اندھے کہلائیں گے دیکھیں یاں نہ جو یار
اونٹ آئے گا کاک میں

لوٹا کوئی بھی نہیں، دیکھ کر وہ پار
اونٹ آئے گا کاک میں

''صادق'' چل سکتا نہیں، یاں کوئی عیار[۲]
اونٹ آئے گا کاک میں

☆☆☆

۱۔ مومل کا مسکن
۲۔ چالاک، مکار

مولانا عبدالغفور ہمایونی ''مفتون''

(۱۸۴۵ء۔۱۹۱۸ء) مولانا عبدالغفور جیکب آباد کے گاؤں ''ہمایوں'' میں پیدا ہوئے۔ مولانا اپنے دور کے بڑے ادیب، عالم اور شاعر تھے۔ ان کے کلام میں درد اور سوز نمایاں طور پر ملتا ہے۔ ان کی تصنیف ''فتویٰ ہمایونی'' ان کے علمی کمالات اور فضائل کا ثبوت ہے۔

تیری صورت گل گلاب کہوں
یا شمس کہوں مہتاب کہوں

تیرے رخ روشن کو ماہ کہوں
یا مظہرِ نور اللہ کہوں
یا مسجد کی محراب کہوں

تیرے لعل لبوں کو لال کہوں
عقیق، یمن کی مثال کہوں
یا قند، سرخ عناب کہوں

دل ''مفتون'' کا میں مست کہوں
یا مست سُرور الست کہوں
یا شوق میں تیرے کباب کہوں

☆☆☆

جلال کھٹی

جلال کھٹی، کلہوڑہ دور سے تعلق رکھتے تھے اور شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے ہمعصر تھے۔ وہ سندھی لوک ادب کی صنف ''سنگھار'' کے باکمال شاعر تھے۔

دُور گئے دلدار، شاید ان کو یاد نہیں میں

قسمت لائی قید میں، میں بے بس لاچار
شاید ان کو یاد نہیں میں

آ کر عمر کوٹ[1] میں، ہوئی بے اختیار
شاید ان کو یاد نہیں میں

میخیں میرے من میں، اتریں لاکھ ہزار
شاید ان کو یاد نہیں میں

مجھ کو یہ امید ہے، جاؤں ملیر[2] کے پار
شاید ان کو یاد نہیں میں

کہے جلال ملادے جانی، جو میرے غم خوار
شاید ان کو یاد نہیں میں

☆☆☆

۱۔ جہاں ماری کو قید کیا گیا تھا

۲۔ ماری کا گاؤں

خلیفہ گل محمد ''گل'' ھالائی

(۱۸۰۸ء-۱۸۵۵ء) سندھی کے پہلے صاحب دیوان شاعر آخوند گل محمد ولد ولی محمد، پالا میں پیدا ہوئے۔ قدیم موضوعات کو جدید انداز میں پیش کرنے کی روایت ڈالی۔ ان کی شاعری میں عشقیہ رنگ غالب ہے۔

میں ہوں بے اختیار جانب یار آجا، نہیں تو مر جاؤں گی

لاگا میری جان کو، درد تیرا دلدار
جانب یار آجا، نہیں تو مر جاؤں گی

میرے دل میں روز و شب پریتم تیرا پیار
جانب یار آجا، نہیں تو مر جاؤں گی

آجا برہن کے آنگن میں اک واری دلدار
جانب یار آجا، نہیں تو مر جاؤں گی

میری عیب ہیں ان گنت، ستر رکھ ستار
جانب یار آجا، نہیں تو مر جاؤں گی

دُکھائے دل ''گل'' کا، اس کے ساتھ جو خار
جانب یار آجا نہیں تو مر جاؤں گی

☆☆☆

شاہ نصیر الدین نصیرؔ

(۱۸۰۶ء۔۱۹۰۰ء) سید نصیر الدین شاہ ول عبدالحیٔ نوشہرو فیروز سے تعلق رکھتے تھے۔ اپنے دور کے عالم فاضل شخص تھے۔ آپ سندھی، اُردو، سرائیکی اور فارسی کے قادرالکلام شاعر تھے۔ ان کی شاعری میں صوفیانہ رنگ نمایاں ہے۔

غمزوں سے ہی غلام، کیا ہے یار نے ہم کو

عشق نے سب آرام گنوایا
دے کے برہ بدنام، کیا ہے یار نے ہم کو

دین کسی کو، دنیا کسی کو
مجھ کو عشق انعام، کیا ہے یار نے ہم کو

عشق ''نصیرؔ'' یہ تیرا ہائے
کھانا پینا حرام، کیا ہے یار نے ہم کو
غمزوں سے ہی غلام، کیا ہے یار نے ہم کو

☆☆☆

حافظ عبداللہ

(۱۸۸۹ء۔۱۹۵۰ء) حافظ عبداللہ بسمل ولد حافظ یوسف ایک عالم شخص تھے۔قرآن پاک کے حافظ اور فارسی زبان پر مہارت رکھتے تھے۔غزل ان کی پسندیدہ صنف تھی۔

مرا تو ہے مرے محبوب قول اقرار سے مطلب
میرا تو ہے پیا کے، پیار کے اظہار سے مطلب

مسخر ہو کے میں مدہوش ہو جاؤں مجالس میں
مرا دن رین ان کے، زلف اور رخسار سے مطلب

طمع ان کی ہی دل میں ہے،طبیبوں کے ہوں میں تابع
دوا دیں گے محبت کی، مجھے ہے پیار سے مطلب

بٹھائیں مجھ کو اپنے ہاں، سُنیں وہ حالِ دل میرا
میں چھوڑوں ان کا دامن کیوں؟ مجھے دلدار سے مطلب

الستی عشق ''عبداللہ'' رگ رگ میں رواں لاشک
کروں سجدے حسینوں کو، صفت سنگھار سے مطلب

☆☆☆

حافظ ہادی ڈنو

(وفات: ۱۹۱۷ء) حافظ ہادی ڈنو ماڑی ضلع سکھر کے رہائشی تھے۔ بیت اور کافی کے باکمال شاعر تھے۔ ان کے کلام میں تصوف اور حسن و عشق کے موضوعات انتہائی عمدگی سے بیان ہوئے ہیں۔

جو خوش خوش ہیں ملامت پر
اصل عاشق وہ کہلائیں
برہ بدنام جو پائیں
حلاجی! حال میں آئیں
صدا پر سر بھی دے جائیں
وہی رُتبہ بڑا پائیں
اصل عاشق وہ کہلائیں

برہ کی بات ہے بھاری
یہ سر پر خلق کی خواری
وہیں پر عشق اظہاری
ملامت شوق فرمائیں
اصل عاشق وہ کہلائیں

ملامت بات مردانہ
نہ سمجھے راز بیگانہ
برہ بن جو وہ دیوانہ
بھلے بزرگ ہی بن جائیں
اصل عاشق وہ کہلائیں

یہ "حافظ" عشق کی باتیں
یہ ہیں وحدت کی برساتیں
یہی جیتیں یہی ماتیں
جو عاشق دار پر آئیں
اصل عاشق وہ کہلائیں

☆☆☆

شاہ عنایت رضوی

(۱۱،۱۲ صدی ہجری) شاہ عنایت رضوی تصوف کے قادری طریقہ کے بزرگ تھے۔ شاہ عنایت نے اپنے کلام میں سندھی وائی کو کمال بخشا۔ تصوف وطریقت کے ساتھ ساتھ دیگر موضوعات کے متعلق اُن کا ابیات اور وائیوں پر مشتمل رسالہ بھی ملتا ہے، جس میں بائیس مختلف موضوعات پر مشتمل ۱۷۴ ابیات اور ۴۰ وائیاں شامل ہیں۔

کہوں گی سکھیوں سے، اپنا حالِ زار
میں تو تھر جاؤں گی

مولا کبھی نہ کرے، اپنوں سے بیزار
میں تو تھر جاؤں گی

بھولوں میں ممکن نہیں، سکھیوں کے سنگھار
میں تو تھر جاؤں گی

جا کر اپنے دیس میں، کروں خود سے پیار
میں تو تھر جاؤں گی

الٰہی عنایت[۱] کا، سیّد[۲] ہے سردار
میں تو تھر جاؤں گی

☆☆☆

۱ عنایت
۲ نبی کریم ﷺ

صاحب ڈنہ فاروقی

(۱۶۹۷ء۔۱۷۸۸ء) صاحب ڈنہ فاروقی جو محمد حافظ بھی کہلاتے تھے، شاہ عبداللطیفؒ کے ہمعصر تھے۔ وحدت الوجود کے مبلغ تھے اور اس کے ترجمان اور شارح، سچل سرمست کے دادا تھے۔ ان کا زیادہ تر کلام ابیات پر مشتمل ہے۔ اسی کے ساتھ کافی پر بھی طبع آزمائی کی۔

جاؤں کیوں اُس پار، جانی میری جان میں

سمجھ گئی میں سکھیو
دل میں ہے دلدار، جانی میری جان میں

قائم میرے قلب میں
''کیچ دھنی''۱ کو ہیار۲، جانی میری جان میں

اِدھر اُدھر میں کیوں پھروں
پہلو میں ہے یار، جانی میری جان میں

''ونحن اقرب'' نزد تر
پیارے کا ہے پیار، جانی میری جان میں

سانسوں میں ہے رچا بسا
دل کا دھنی، دلدار، جانی میری جان میں

''صاحب ڈنہ'' سُہنا سجن،
میرا ہار سنگھار، جانی میری جان میں

☆☆☆

۱۔ کیچ مکران کا مالک پنوں
۲۔ کیچ کا والی پنوں

واسوانی

میلا رام منگترام واسوانی سندھی ادیب اور شاعر تھے۔ ''سندو ساہتیہ'' نامی ایک اشاعتی ادارہ قائم کیا۔ جس کے ذریعے بہت سی کتابیں شائع کیں۔

نہ تو دنیا سے یاری ہے، نہ ہی اس سے کنارا ہے
نہ لینا ہے نہ دینا ہے، نہ حیلہ ہے نہ چارا ہے

نہ اپنوں سے محبت ہے، نہ ہی غیروں سے نفرت ہے
میں سب کو حق سے دیکھوں، یہی میرا نظارا ہے

نہ تو شاہی میں شاداں ہوں، نہ ہی غم ہے گدائی میں
جو مل جائے وہ اچھا ہے، یوں ہی میرا گذارا ہے

پرے دین اور دھرم سے میں نہ ملّت سے کوئی مطلب
نہ مسلم گبر[1] اور ہندو، مرا تو پنتھ[2] نیارا ہے

☆☆☆

[1] آتش پرست
[2] مسلک

پیر اصغر شاہؒ

(۱۸۱۶ء۔۱۸۴۸ء) پیر اصغر شاہ اپنے دور کے بڑے عالم فاضل شخص تھے۔ وہ عالم اور شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک برجستہ اور منتظم شخص تھے۔ ان کے کلام کو ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ نے مرتب کیا ہے۔ اصغر شاہ کے کلام میں ان کی کافیاں نمایاں ہیں۔ ان کے کلام کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی شاعری میں خیالات اور جذبات فن کی بلندیوں کو چھوتے نظر آتے ہیں۔

پریتم کی پھر ہے خبر خاص آئی
میں نے راستوں میں ہے خوشبو بچھائی

وہ آئے تو آئی ہیں پھر سے بہاریں
کہ شاخوں پہ پھولوں نے مشعل جلائی

گئے غم الم سب، نہیں کوئی غم اب
کہ سبزہ ہی سبزہ ہے ساری خدائی

یہ باغوں میں بھونرے، یہ گلشن میں بلبل
یہ پھولوں نے گالوں پہ لالی لگائی
کہا ''شاہ اصغر'' نے سچ ماہ رُو سے
بنا تیرے سب عمر میں نے گنوائی

☆☆☆

جیوت

جیوت سنگھ دیہانت ۱۸۹۹ء قنبر میں ہوا۔ بیت اور کافی کے اچھے شاعر ہو گزرے ہیں۔

تُو ہی تُو ہے، تُو ہی تُو ہے مرشد نے سمجھایا ہے
ہر سُو تو اور تیری صورت، تیرا روپ سمایا ہے
کھیل بھی تُو، کھلاڑی بھی تُو، کھیل عجیب رچایا ہے
مرشد نے سمجھایا ہے

نام بھی تُو ہے، نامی بھی تُو، کوئی فرق نہ پایا ہے
نام بنا بے نام بھی تُو ہے، آپ میں آپ چُھپایا ہے
مرشد نے سمجھایا ہے

جام بھی تُو، ساقی بھی تو ہے، تُو نے گھونٹ پلایا ہے
شیام بھی تُو ہے، گوپی بھی تُو، میں نے بھید یہ پایا ہے
مرشد نے سمجھایا ہے

گُرو تُو ہی، بید بھی تُو ہی، ''جیوت'' جوت جگایا ہے
تیری قدرت تُو ہی جانے، کسی نے انت نہ پایا ہے
مرشد نے سمجھایا ہے

☆☆☆

جس دل کو خدا یاد ہے آباد ہمیشہ
آباد ہمیشہ سے ہے وہ دل شاد ہمیشہ

جس دل نے دیا دان میں تن اور من اور دھن
ملتی رہی اس دل کو ہے امداد ہمیشہ

جس دل کو غم اللہ کے ملنے کا ہو ہر دم
اس دل کے الم غم ہوئے برباد ہمیشہ

جو قرض اٹھاکے بھی مریضوں کو کھلائے
وہ قرض سے اور مرض سے آزاد ہمیشہ

ہرا نام پہ جس دل نے کیے اپنے سبھی کام
اس کو تو سر انجام ہے ہر داد ہمیشہ

''صورت'' وہی ہے دھیان میں اور گیان میں ہر پل
بھولے نہ اسے، یاد رکھا یاد ہمیشہ

☆☆☆

پیر غوث محمد شاہ ''پیرل''

دیکھوں راہیں آئے یار مرا
میرے سر کا دھنی سردار مرا

دل چھین گیا میں دیوانی ہوئی
وہ روٹھ گیا میں بیگانی ہوئی
کیسی مجھ پر یہ مہربانی ہوئی
اس نے ٹھکرایا ہے یوں پیار مرا

دیکھ کیسی میری تقدیر بنی
میری بگڑی ہوئی تصویر بنی
میں تو کھڑی ہوں پر تقصیر بنی
دکھ دور کرے دلدار مرا

یاں ''پیرل'' زندہ ہے کوئی دم
پر یار ابھی بھی ہے برھم
ہیں ''غوث'' ہزاروں لاکھوں غم
آجا بیڑا کر، اُس پار مرا

☆☆☆

محمد قاسم ''قاسم''

(۱۸۰۶ء-۱۸۸۱ء) آخوند محمد قاسم ایک بلند پایہ شاعر تھے۔ انھوں نے سندھی، ہندی، اُردو، فارسی اور عربی میں شعر کہے اور ان کے چار شعری دیوان موجود ہیں۔

گُن والوں کی پریت، اوگن سے نا سُدھرے سادھو
گُن والوں سے اوگن کرنا، یہ تو جھوٹی ریت
اوگن سے نا سُدھرے سادھو
لنکا کو ہنومان نے جلایا، راون لے گیا سیت[1]
اوگن سے نا سُدھرے سادھو
ٹھاکر دوارے پنڈت سُدھرے، مومن بیچ مسیت
اوگن سے نا سُدھرے سادھو
''قاسم'' جنتر ہاتھ میں لے کر، گاؤں گُن کے گیت
اوگن سے نا سُدھرے سادھو
گُن والوں کی پریت

☆☆☆

[1] سیتا

جن کا ناز والوں سے ہے ناتا، وہی تو شہرت پائیں گے

ناز والوں نے اپنا ناز دکھایا
دونوں جہانوں میں ہے جلایا
لوگوں نے ان کی پریت سے روکا، ان کی جدائی میں مرجائیں گے

ان کے ہیں، اور ان کے رہیں گے
ان کے لئے ہم سر دے دیں گے
ان سے ہے پختہ تعلق اپنا، ہم عشق میں رتبہ پائیں گے

''امید علی'' کے بس میں نہیں ہے
ہم ہیں کہیں اور یار کہیں ہے
دن اور رین پڑا ہے رونا، پھر بھی ان کے ناز اٹھائیں گے

☆☆☆

صوفی خوش خیر محمد فقیر

(۱۷۹۰ء۔۱۸۷۷ء) صوفی خوش خیر محمد کافی کے نمائندہ شاعر تھے۔ان کی کافی کو قبولِ عام حاصل ہوا۔ان کے کلام میں رنگینی اور روانی بھی ہے اور فکری بلندی بھی ہے۔

مرنے سے پہلے ہم مر گئے ہیں، جی کے فنا سے بچ نکلے ہیں
ایک کا نام لیا ہے ہم نے
دوجے نام نفی ہو گئے ہیں، جی کے فنا سے بچ نکلے ہیں

آنکھوں میں اثبات ہے باقی
اس کی حدود سے نکل گئے ہیں، جی کے فنا سے بچ نکلے ہیں

''خیر محمد'' ہے، خیال فقط اک
راز اسی میں ہم رہتے ہیں، جی کے فنا سے بچ نکلے ہیں

☆☆☆

حسینی آؤ حاضر ہو
قلندر لعل مروندی
تری ہر سُو عملداری
سرِخم ہند سندھ ساری
کابل کشمیر قندھاری
بلخ بیروت سمرقندی

تو ہے حسنین کا پیارا
فقر کا راہبر اچھا
کرو ملعون پر حملہ
نکالو قید سے بندی

نہ کوئی دیر ہو جانی
مدد کر شاہ سیوہانی
تیری ہی ہو مہربانی
آجا کر کے کمر بندی[1]

مدح خوش خیر محمد کی
نہیں مجھ کو فکر کوئی
ہمیشہ ہو نیازمندی
تو ہو دل شاد خورسندی[2]

☆☆☆

1. تیار ہو کر
2. شادان، فرحان

شیر علی

دل عشق کے سہارے بڑھ کر پڑا بحر میں
کشتی کی طرح دل ہے، دریا کی ہر لہر میں

ہاں دور تھا کنارہ، کوئی نہ تھا جزیرہ
ملاح کے سہارے، ہوئے پار دم پہر میں

پیالے میں بھر کے مجنوں پیتا ہے زہر قاتل
ہوگا ہمیشہ خوش خوش، یہ ذوق کی زہر میں

دیکھا جلال سندھوا ملاح لوٹے پیچھے
بڑھتے رہے ہیں عاشق، منجدھار پُر خطر میں

دریا کی دہشتوں سے، سہمے ہیں سورما بھی
واں ''شیر علی'' یہ عاشق، دیکھے گئے سفر میں

☆☆☆

دریا خان

(۱۷۶۵ء۔۱۸۵۳ء) دریا خان اپنے دور کے بلند پایہ شاعر تھے۔ ان کا کلام سندھی، ہندی اور سرائیکی میں بھی ملتا ہے۔ ان کے کلام میں خود شناسی اور خدمت خلق کا جذبہ موجزن نظر آتا ہے۔

یہ راز اس حُسن کا، اسرار میرے من میں
سبحان روپ سارا، مولا ہے انجمن میں

ان کا یہ عشق کیا ہے
سامان سب لُٹائے، خود اپنا سر گنوائے
گلزار ہے اگن میں

اپنے ہی دل میں دیکھی
ہر جگہ صورت ان کی
کیا ذاتی کیا صفاتی، ہے چاندنی چمن میں

''دریا خان'' حقّ، حق ہے
کوئی نہیں فرق ہے
میرے لئے سبق ہے، ہے معرفت جو من میں

☆☆☆

دریا خان

آ وے کاگا[1] دے حال مجھے میرے دل والوں کا
دل والوں کا متوالوں کا

آگ میں ڈالوں عمر[2] کے بنگلے
پھینکوں دہری[3] کنٹھ مال، آ رے کاگا
دے حال مجھے میرے دل والوں کا

میں نا پہنوں عمر کا ریشم
سر پہ ہے کھیت[4] کی شال، آرے کاگا
دے حال مجھے میرے دل والوں کا

''دریا خان'' میں قید میں روؤں
ہائے ہائے یہ حال، آ رے کاگا
دے حال مجھے میرے دل والوں کا

☆☆☆

۱؎ پیغام لانے والا کوا
۲؎ سومرہ سردار، ماروی کو لے جا کر قید کرنے والا شاہِ وقت
۳؎ گلے میں پہننے والا چاندی کا زیور
۴؎ ماروی کا منگیتر

دریاخان

اکل کلا، کھیل کھیل کھیلارا
کھنڈ برہمنڈ مایا، سو نیارا

جوگی نا جوگ، پَون نہیں پانی
بن جھیا کی الٹی وانی
چندر نہ سوریہ[۱] گگن ناہیں تارا

تیرتھ ورت، گنگا ناہیں کاشی
ناہیں پاتھر[۲] پوجا واسی
ناری نہ پُرکھ،[۳] نہیں اوتارا

ہندو نہ تُرک نہیں اودھوتا،
نا وہ مات،[۴] پتا[۵] ناہیں پوتا
آپ سوں آپ بھیا نردھارا[۶]
روپ نہ وَرن،[۷] لکھیو نہیں جاوے
کوپ[۸] کی چھایا، کوپ سماوے
حد بے حد بھَیا ہے پَسارا
کھنڈ برہمنڈ مایا سو نیارا

☆☆☆

[۱] سورج [۲] پتھر [۳] مرد [۴] ماں [۵] باپ
[۶] بے سلسلہ نسب [۷] رنگ [۸] غصہ

میر علی نواز علوی

(۱۸۵۱ء-۱۹۲۰ء) میر علی نواز علوی شکارپور کے علوی گھرانے کے چشم و چراغ تھے۔ عربی، فارسی میں مہارت رکھتے تھے۔ علاوہ متداولہ علوم و فنون میں بھی مہارت رکھتے تھے۔ متعدد علمی موضوعات پر ضخیم کتابیں تصنیف کی ہیں۔ وہ بیک وقت سندھی، سرائیکی اور فارسی کے صاحبِ طرز شاعر تھے۔

کب آئے گا مرے آنگن، دوبارہ یار دل جانی

حسن اپنا دکھا کر وہ
گیا عاشق مٹا کر وہ
برہ اگنی لگا کر وہ، گیا ہے دے کے حیرانی

گیا ہے چھوڑ کر دلبر
گرے پتھر میرے سر پر
مرا ہے حال اب ابتر، بڑھی میری پریشانی

ملے دیدار دلبر کا
سچے سردار سرور کا
دیکھوں رخسار رہبر کا، میں دوں جند جان قربانی

وہ ''علوی'' میرے ہاں آئیں
میں ان کو، وہ مجھے پائیں
مرے غم درد مٹ جائیں، دکھائیں اپنی پیشانی

☆☆☆

منگھا رام غلام

جوگی پیارے یار ہمارے، مُرلی بین بجا کر
عقل چُرا کر لے گئے

ناد نفیلیں سنگھ بجا کر، اندر جوش جگا کر
عقل چُرا کر لے گئے

میرے دل پر قبضہ کر کے، جادو منتر گا کر
عقل چُرا کر لے گئے

سینے اندر آگ لگی ہے، میرا جگر جلا کر
عقل چُرا کر لے گئے

بے بس ہوا ''غلام'' بچارا اس کو ناچ نچا کر
عقل چُرا کر لے گئے

☆☆☆

سید رکھیل شاہ صوفی رکھیل

بلوچستان کے صوفی بزرگ سید رکھیل شاہ کافی کے بلند پایہ شاعر ہوگزرے ہیں۔ان کا کلام بلوچستان کے علاقے کچھی کی سندھی کا عمدہ نمونہ ہے۔ ان کے کلام میں سندھی الفاظ کے ساتھ ساتھ بلوچی کے الفاظ کا امتزاج بھی ہے۔

میں نے بھلائے دو جہاں
دل میں مرے دلبر ملا
جب موج مستی دیکھ لی
دنیا سے دُوری ہو گئی
ہستی عقل چلتی بنی
صورت اندر سرور مِلا
ہر کام اور ہر حال میں
ہر اک جگہ، اک خیال میں
جب آنکھ باطن کی کھلی، اعلیٰ وہاں انور ملا
ہے رمز رندی حال سے
پھر بھی قلندر نا ہوئے
جب عشق ''رکھیل'' کو ملا، اس وقت ہی پرور ملا

☆☆☆

محمد فقیر کھٹیان

برطانوی دور کے بیت اور کافی کے اچھے شاعر تھے۔ فن اور فکری بلندی کے اعتبار سے ان کا کلام اعلیٰ پایے کا ہے۔

خیال کا مطلب خیال میں ہے
غرقِ خیال ہو، بنو خیال
خود کو گنوانا، خود کو پانا
حیرت والے حال میں ہے
غرقِ خیال ہو، بنو خیال

''مُوتُوا قبل ان تموتوا''[1]
یہی تو راہ وصال میں ہے
غرقِ خیال ہو، بنو خیال

''اَنا احمد، بلا میم[2]''
برحق بات مثال میں ہے
غرقِ خیال ہو، بنو خیال

''محمد'' دیکھ امراج میں دیکھ
کتنا قرب کمال میں ہے
غرقِ خیال ہو، بنو خیال

☆☆☆

1. جو مرنے سے پہلے مرنا
2. میم کے بغیر احمد یعنی احد

دولہہ دریا خان

(وفات ۱۸۹۱ء) دولہہ دریا خان ایک حقیقت پسند شاعر تھے۔ ان کی کافی میں جہاں تصوف کا رنگ جھلکتا ہے وہاں حُسن و عشق کی چاشنی بھی موجود ہے۔ ان کی کافیاں معاشی اور معاشرتی حالات کی عکاس نظر آتی ہیں۔ صوفی ہونے کے ساتھ ساتھ وہ ایک زندہ دل اور ظریف الطبع شاعر بھی تھے۔

تیرے درشن نے دلبر، لیجیئے خبر
من میرا مستان کیا
تیری پریت نے دل کو
دیا ہے غم کا ثمر، لیجیئے خبر
من میرا مستان کیا
تم بن میرا بدیس میں
راہ نہ کوئی رہبر، لیجیئے خبر
من میرا مستان کیا
آخر میں تیری تو ہوں
ہو نہ تُو تنگ نظر، لیجیئے خبر
من میرا مستان کیا
دلبر ''دریا خان'' کو
عشق کرے گا امر، لیجیئے خبر
من میرا مستان کیا
تیرے درشن نے دلبر

☆☆☆

محمود فقیر کھٹیان

(۱۸۵۲ء۔۱۹۰۷ء) محمود فقیر ولد علی خان کھٹیان سندھی اور سرائیکی کے باکمال شاعر ہیں۔ ان کی مزاحیہ شاعری بھی مشہور ہے۔ وہ سندھی بیت اور کافی کے معروف شاعر ہو گزرے ہیں۔

میرا جھومے جُھومے تن، میرا موج میں آیا من
کون رہے گا یاں قید میں دیکھوں گی، ساجن
آئے گا دن ہو جاؤں گی، قید سے میں تو بَری
ہَنس، دوہری، کنٹھ مال، کڑولے، جلادوں گی زری[1]
میرے لئے یہ عمر کے گہنے زہر ہیں بات کھری
جھابا، جھومک، جھالر، چُوڑا، بینسر، بولا[2] بن[3]

میرا جھومے جھومے من

الف الٰہی، میں یہ دیکھوں، برحق کے ہیں بیان
صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے، فائق کا فرمان
عمر[4] کی فوجیں جابر، ظالم، در پر کئی دربان
قلعے کی دیواریں دیکھوں تو کانپے ہائے بدن

میرا جھومے جھومے من

بادل برسے تھر بر پر طوفانی چھچھکار[5]،
بجلی چمکی، بادل کڑکے، چھائے میگھ ملھار
بڑے ادب ایمان کے مالک، سانگی[6] جام[7] سنگھار[8]
پنہواروں کا پیر ہمارا، پردہ رکھے گا پَن[9]

میرا جھومے جھومے من

عمر کا سونا، مٹی میں پھینکوں، موتی کیا مرجان
باغ عمر کے داغ دلوں پر، اپنوں کے ارمان
محلوں میں "محمودؔ" کہے، ہے پل دو پل گزران
رنگ محل میں، میں نہ رہوں گی، یاد کروں ساجن

میرا جھومے جھومے من

☆☆☆

۱۔ زیورات کے نام
۲۔ سندھی عورت کے زیور سونا
۳۔ گڑھے میں پھینک دو یہ بادشاہ عمر
۴۔ صاف صاف
۵۔ زیورات کے نام
۶۔ خانہ بدوش
۷۔ سردار
۸۔ عزیز و اقارب
۹۔ لاج

جمعہ فقیر جمن

کس سے کہوں مذکور
دل زخموں سے ہے چور
میرے حال کا محرم جانی
جا کر بیٹھا دور
اڑجا پنچھی پاس پیا کے
نام خدا اک واری
چاہتی ہوں میں وہاں سے آئے
میرے لئے دلداری
ان کے لئے ہے من یہ پریشان
رگ رگ ہے رنجور
دل زخموں سے ہے چُور
ایک تو مجھ سے پیا نے کی ہے
بے حد بے پرواہی
ہر اِک اپنی دردوں میں ہے
میرا کون ہے بھائی
خود ہی دیکھوں خود ہی جھیلوں
دردوں کا دستور
دل زخموں سے ہے چُور
محبّ نے من ہے قیدی بنایا
پریت کی ہیں یہ سزائیں
مجھ پر لاکھوں اطباء آئے
دیتے رہے ہیں دعائیں
فکر ''جُمن'' کو محبّ ملن کی
نینوں کا جو نور
دل زخموں سے ہے چُور

☆☆☆

نواب فقیر ولی محمد خان لغاری

(۱۷۵۱ء۔۱۸۳۲ء) نواب فقیر ولی محمد خان لغاری ''ولی'' فارسی کے قادر الکلام شاعر تھے۔ ان کا سندھی میں بھی کلام ملتا ہے۔ ان کے شعری ذخیرے میں ایک دیوان، دو ساقی نامے اور ایک ''ہیر نامہ'' موجود ہے۔ وہ ایک قادر الکلام شاعر تھے۔

ملاقات محبّ سے ہوئی
میری اس نے کی دلجوئی
الفراق وصال بنا ہے
ملیں آنکھیں تو میں روئی
میری اس نے کی دلجوئی

دیکھا اس کو میں نے دل میں
رہا قطرۂ غیر نہ کوئی
میری اس نے کی دلجوئی
پھر سارا جہاں کھل اُٹھا
تیری زلف جو برہم ہوئی
میری اس نے کی دلجوئی

تیرا حال یہ ''ولی محمدؐ''
ایسا عشق کرے نہ کوئی
میری اس نے کی دلجوئی

☆☆☆

حمل فقیر لغاری

(۱۸۰۹ء۔۱۸۷۲ء) سندھی اور سرائیکی زبانوں کے بلند پایہ شاعر تھے۔ان کا اپنا خاص اسلوب تھا۔ان کے بعض اشعار ضرب المثل بن گئے۔ان کی شاعری میں حُسن وعشق اور ہجر و وصل کے علاوہ معاشی اور معاشرتی حالات کی عکاسی بھی نہایت مؤثر اور حقیقت پسندانہ پیرایے میں کی گئی ہے۔

سُنو شوق میرے کا شور، شور وے لوگو
سُنو شوق میرے کا شور
رانجھے جیسا اور نہ کوئی ، ہے محبوبوں کا مور
مور وے لوگو
سُنو شوق میرے کا شور

آنکھیں میری ان سے لاگیں، ہائے وے زوری زور
زور وے لوگو
سُنو شوق میرے کا شور

لوگ اسے مہنوال ہیں کہتے، ہے جو دلوں کا چور
چور وے لوگو
سُنو شوق میرے کا شور

اس کی ''حمل'' پر ہوئی نوازش، ہوا غریب کا غور
غور وے لوگو
سُنو شوق میرے کا شور

☆☆☆

حمل فقیر لغاری

لوٹ کے آ منٹھار یار
تم بن میری روح پریشاں
مجھ سے اے میرے پریتم
اتنا کیوں بیزار یار
تم بن میری روح پریشاں

میرے من میں اگن لگائے
تم بن میگھ ملہار یار
تم بن میری روح پریشاں

تم بن ساجن سر پر میرے
برہ کا بھاری بار یار
تم بن میری روح پریشاں

"حمل" ہر دم تم سے مانگے
تیرا ہی دیدار یار
تم بن میری روح پریشاں
لوٹ کے آ منٹھار یار

☆☆☆

آ میاں[1] ڈھولن[2] آ، مولیٰ نے، بادل برسائے
آمیاں ڈھولن آ

جا میاں قاصد خبر دے کوئی میاں، کوئی تو حال سُنا
کیا قصہ ہے، کیوں نہیں آئے
آمیاں ڈھولن آ

بڑے ادب سے، کہیۓ کچھ یوں میاں، میری ہے التجا
دن اتنے کیوں دُور لگائے
آمیاں ڈھولن آ

بھیگا دیس آیا وقت ملن کا میاں، میرے ہاں آجا
میں نے تیرے لئے کاگ[3] اُڑائے
آمیاں ڈھولن آ

''حمل'' ہر دم حمد ہزاروں میاں، ہر ایک دکھ گیا
آیا ساجن سو سکھ پائے
آمیاں ڈھولن آ

☆☆☆

[1] وارث، مالک [2] پیارا، محبوب [3] پیغام لانے، لے جانے والا کوا

علامہ تاج محمد امروٹی حسنؔ

(۱۸۴۴ء۔۱۹۲۹ء) مولانا تاج محمد امروٹی ضلع خیرپور سے تعلق رکھتے تھے۔ بہت بڑے عالم دین تھے۔ شاعری پر بھی ملکہ حاصل تھا۔ اپنی شاعری میں انھوں نے انگریزوں کے خلاف نفرت کا اظہار کرتے ہوئے مسلمانوں کو بیدار کرنے کی کوشش کی ہے۔

کوئی نہ سمجھے سرّ صفات، اس صورت کے دیس میں

لاالہ سے پریت ہے جن کی
خودی! ہے ان لوگوں نے بھلا دی
کریں الا اللہ اثبات، اس صورت کے دیس میں

موجیں لوٹیں، پریم پجاری
کیا جانے کچھ خلق بچاری
ملا قاضی، عالی ذات، اس صورت کے دیس میں
یسمع یبصر ینطق، دم دم
خام خودی کا بھولا ہر غم
بے یسمع ینصر والی بات، اس صورت کے دیس میں
ملا ''حسن'' کو، حُسن سجن کا
مالک ہے وہ تن من دھن کا
وہ چمکے شش جہات، اس صورت کے دیس میں

☆☆☆

ہے کیسا تُو منصور، دل میں درد نہ تم کو

حال حلاجی پا نہ سکا تُو
دل سے دلبر گا نہ سکا تُو
پریت سے کوسوں دور، دل میں درد نہ تم کو

تُو نے نفی سے نفس نہ مارا
کیا نہ ہستی سے ہے کنارا
تیرا دوئی کا دستور، دل میں درد نہ تم کو

رمز رانجھن کی جو دل پائے
وہ دل ماہی ماہی گائے
پائے پریت کا نور، دل میں درد نہ تم کو
حُسن ''حسن'' کو کرے ہے شاغل
غیر سے یہ دل ہو گیا غافل
اب مست رہے مخمور، دل میں درد نہ تم کو

☆☆☆

جانب، خوب جمال، جلوہ دار جوانی

جن، انسان مشتاق ملائک
شمس قمر کو زوال، حوروں کو حیرانی

حُسن کرے حیران ہزاروں
اعلیٰ شان، اقبال، ثانی نہ مہ کنعانی!

روشن رخ مہتاب نہیں ہے،
پیا کے رخ کی مثال، ساجن سرّ سبحانی
کوئی نہیں ہے پریتم جیسا
لب بدخشاں لال، ابرو سیف ایرانی

لاکھوں ہیں دیوانے پیا کے
ان میں ایک ''کمال'' قدموں پر قربانی

☆☆☆

تیرا سوہنا سجن سنگھار، دیکھوں سبحان^۱ کہوں
چہرہ گل گلابی تیرا
لعل رونق رخسار، مثل مرجان کہوں
دید دونالی[۲]، بھڑکے بجلی
تیز تیکھی تلوار، زنخ[۳] زندان کہوں
سینہ پر ہیں سیف کے گھاؤ
خونی خنجر خمدار، ابرو این و آن[۴] کہوں
تیری نظر سے "کمال" گھایل
چشموں کی چمکار، وو قہری کان[۵] کہوں

☆☆☆

۱۔ سبحان اللہ

۲۔ دونال کی بندوق

۳۔ ٹھوڑی

۴۔ ملیامیٹ کر دینے والے

۵۔ تیر

پیر کمال فقیر

جام عاشق کے لیے ہے، چشم دلبر نیم خواب
جو ہوئے مخمور محبت، ہے نہیں ان پر عذاب

جو گئے میخانہ میں وہ
ہو گئے جل کر کباب
دل نفی اثبات میں
سب رگیں ان کی رباب، چشم دلبر نیم خواب

دے رہے ہیں مئے مجھے
اپنے کرم کی بے حساب
ہو گیا حرص و ہوا سے
صاف ہے سینہ شباب، چشم دلبر نیم خواب

جام جیتے جی جو پئیں
ان کا ہے یہ جم کو جواب
ہٹ گئے پردے جہاں کے
ہٹ گئی رخ سے نقاب، چشم دلبر نیم خواب

لے ''کمال'' اپنے سجن سے
قدح کوثر کی شراب
مست محبت ہو کے بن جا
ان کی نعمت سے نواب، چشمِ دلبر نیم خواب

☆☆☆

پیر کمال فقیر

صورت کا کر کے سنگھار
ہر مظہر میں، میں ہی آیا
صورت میں ہوں سیرت میں ہوں
ہر سُو شرع شریعت میں ہوں
وحدت میں ہوں، کثرت میں ہوں
''وہو محکم'' نور نروار، میں نے ہی ہے حکم چلایا

عبد بھی میں، معبود بھی میں ہوں
ہر اک کا مقصود بھی میں ہوں
ہر رنگ میں موجود بھی میں ہوں
چاروں اور مرا اظہار اندر باہر میرا سایا

مطلب میں ہوں، طالب میں ہوں
ہر صورت کا، قالب میں ہوں
ہر مذہب پر غالب میں ہوں
در در پر میرا دیدار رنگِ میں رنگ ہے میں نے ملایا

☆☆☆

حسین دیدڑ

(۱۸۰۳ء۔۱۸۷۳ء) حُسین فقیر سندھی اور سرائیکی کے ممتاز شاعر تھے۔ ان کا کلیات ڈاکٹر عبدالکریم سندیلو نے ترتیب دیا، جس میں حمد، بیت، مولد، معجزے اور کافیاں شامل ہیں۔ ان کا کلام فکر انگیز اور ناصحانہ ہے۔

شب و روز دیکھوں تیری راہیں وے
تیری طرف ہیں میری نگاہیں وے

میں تو پیروں فقیروں کے ہاں بھی گئی،
دیکھیں دیس کی سب درگاہیں وے
تیری طرف ہیں میری نگاہیں وے

نہیں راہ تیری درگاہ بِنا
کہیں ملتی نہیں ہیں پناہیں وے
تیری طرف ہیں میری نگاہیں وے

ہادی یار بنا غمخوار بِنا
کھولے کون میرے لئے باہیں وے
تیری طرف ہیں میری نگاہیں وے

میری مان تُو بڑھ پیا کی طرف
دوجی چھوڑ ''حسین'' صلاحیں وے
تیری طرف ہیں میری نگاہیں وے

☆☆☆

فقیر فتح علی خان

عمر وے عزیزوں بِنا من اُداسی[1]
کروں یاد ان کو میں بھوکی پیاسی

کئی سال گذرے جدائی میں روئے
عمر ایک گذری ہے آنسو پروئے
اٹھوں کھِل جو آئیں وہ ساجن سناسی

وطن کی طرف دیکھ آہیں بھروں میں،
جیوں بھی وطن میں وطن میں مروں میں
وہ دیکھوں جو سکھیوں کے کپڑے ہیں ناسی

نہ کوئی وطن کی طرف سے ہے آیا
نہ کاگا[2]، خبر خیر کی کوئی لایا
نہیں یاد ان کو یہ بے جرم داسی[3]

☆☆☆

[1] غمگین
[2] پیغام لانے والا کوا
[3] غلام، باندی

مرزا قلیچ بیگ قلیچ

(۱۸۵۳ء۔۱۹۲۹ء) جدید سندھی ادب کے بانی مرزا قلیچ بیگ ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے۔انھوں نے نثر و نظم میں ۴۵۷ کتب لکھیں۔وہ ایک قادرالکلام شاعر بھی تھے۔انھوں نے بہت سی اصناف میں طبع آزمائی کی۔ان کی شاعری میں سیاسی،سماجی،مذہبی اور عشقیہ موضوعات شامل ہیں۔

کچھ تو زادِراہ لے یار، اٹھ مسافر کر تیاری

جند بُجّہ قسمت نے کیا ہے، بند میں بے اختیار
دن گذرے پردیس میں تیرے، آجا تو اس پار،
میرے اندر میں ہے انتظاری

چاہے جو آرام تو جگ میں، وہموں سے ہو بیزار
حرص و ہوا ہیں دشمن تیرے، تو ہی ان کو مار
تا کہ ہو صاحب کی ستّاری

پریت ہر اک سے نہ ہو تیری، کر تو عقل اختیار
پھنس جائے گا دام جہاں میں، ہو گا تُو بے قرار
ہوگی نہ تیری یاں رستگاری

قرب والوں سے ہی ''قلیچ'' مل جاتا ہے پیار
آج یا کل گذرے گا یہاں سے، روئے گا زار و قطار
کرے گی کیا تری آنکھ بچاری

☆☆☆

سید میراں محمد شاہ میر مہجور

(۱۸۹۸ء۔۱۹۶۳ء) سید میراں محمد شاہ ولد سید زین العابدین شاہ لکھڑ موجودہ ضلع ٹنڈو محمد خان میں پیدا ہوئے۔ شاعری میں پہلے میر اور پھر مہجور تخلص اپنایا۔ نثر اور نظم دونوں میں طبع آزمائی کی۔

مجھے ناز و ادا سے مار، کبھی انکار نہ کر

ذبح تُو ابرو سے کر مجھ کو
تیر تبر تلوار کبھی نروار نہ کر

راز کی بات جو میں نے کہی ہے
اس کا ذکر اذکار کبھی اظہار نہ کر

برسوں تیری راہیں دیکھیں
اب تو آجا یار کوئی تُو عار نہ کر

''میراں شاہ'' کی منت سماجت
مانُ مِٹھا منٹھار حیا ہر بار نہ کر

☆☆☆

صوفی انور علی شاہ انور جہان پوری

ہم صوفی مست قلندر ہیں
کبھی باہر ہیں کبھی اندر ہیں

کبھی سادھو چور کی ذات کبھی
کبھی ہم ہیں نفی اثبات کبھی
کبھی دن ہیں ہم تو رات کبھی
کبھی عشق کے ہم ہی سکندر ہیں

کبھی مُلا ہم کبھی قاضی ہم
کبھی شاہ شرع پر راضی ہم
کبھی آتِش عشق کی بازی ہم
کبھی مسجد ہیں کبھی مندر ہیں

کبھی "انور" بن کر آئے ہم
یاں آکر غیر پہ چھائے ہم
پھرے عشق کا غم اٹھائے ہم
ہاں ہر مذہب کے سمندر ہیں

☆☆☆

صوفی انور علی شاہ انور جہان پوری

تیرا عشق ملا دل پاک ہوا
ناپاک سے پاک نظر کا ہُو

ہم ہر دو جہاں میں زندہ رہے
یہی حال حیات حشر کا ہُو

تیرا عشق ملا تو خیال آیا
نہیں مرتا خیال دلبر کا ہُو
ہوا بشر برہ میں بقا باللہ
یہی بشر حباب بحر کا ہُو

مجھے ''صاحب ڈنہ'' نے سرداری دی
سر اناالحق ''انور'' کا ہُو

☆☆☆

تیرا شراب خانہ تیری شراب ساقی
پینے سے اس کے مجھ کو پہنچا ثواب ساقی

میں مست ہوں موالی
جاؤں نہ در سے خالی
ہر دم رہوں جلالی، میں لاجواب ساقی

چہکے چمن میں بلبل
کھلنے لگا ہے ہر گل
سوسن ہو یا کہ سُنبل ،سب بے حجاب ساقی

انوؔر ہے سر آوازی
بحرِ عمیق بازی
گرداب گوہر غازی، گم ہے حباب ساقی

☆☆☆

صوفی انور علی شاہ انور جہان پوری

آجا پِیا میری روح میں
دور نہ ہو تو یار

میری خاطر ہی تُو نے ہے
جوڑا سب جنسار، آجا پِیا میری روح میں

"لا تقنطو من رحمت اللہ"
مجھے تم پَر اعتبار، آجا پِیا میری روح میں

مجھ پہ الست کی بات کا
چڑھ گیا خوب خمار، آجا پِیا میری رح میں

دے دو خوشیاں غم لے لو
دو دلداری دلدار، آجا پِیا میری روح میں

آجا "علی انورؔ" کے گھر پر
آنگن کر گلزار، آجا پِیا میری روح میں

☆☆☆

عبدالکریم گدائی

(۱۹۰۱ء۔۱۹۷۸ء) عبدالکریم گدائی ولد بجار خان لاشاری کریم آباد ضلع جیکب آباد میں پیدا ہوئے۔ سندھی کے ترقی پسند شاعروں میں شمار ہوتے ہیں۔ سندھ کے عوامی اور بیباک شاعر تھے۔ سندھی کی سماجی، سیاسی اور معاشی حالات کا قصہ نہایت خوبصورتی کے ساتھ مؤثر انداز میں اپنی شاعری میں پیش کیا ہے۔

سُکھ کا یہ سنسار بنائیں، سُکھ کا یہ سنسار
گورے کالے سب خالق کے
بندے ہیں ہم سب مالک کے
اپنا مذہب پیار

اک دوجے سے حقارت کیسی
انسانوں سے نفرت کیسی
کیسی یہ تکرار

ہر سُو جنگ و جدل کا ساماں
انسانوں کا خون ہے ارزاں
جھوٹا ہے بیوپار

اپنا مذہب پیار "گدائی"
مسلم ھندو سِکھ عیسائی
سب میں وہی ہے یار

☆☆☆

رشید احمد رشید لاشاری

(۱۹۲۲ء۔۱۹۷۰ء) رشید احمد ولد لاک خان لاشاری تحصیل نصیر آباد ضلع سبی بلوچستان میں پیدا ہوئے۔ باکمال شاعر اور نثر نویس تھے۔ نثر اور نظم میں ۳۰ سے زیادہ کتب شائع ہو چکی ہیں۔

مجھے دردوں نے ہے ستایا الا
میرے گھر میں عجیب نہ آیا الا
بُھولوں، بھٹکوں، روہ[1] جبل میں
عقل نے چھوڑا ساتھ ہلچل میں
ختم ہوئی میں غم کے عمل میں
سانس ہے جانے کو اک پل میں
لکھّا جو تھا، روز ازل میں
اس نے مجھے الجھایا الا
میرے گھر میں عجیب نہ آیا الا
ہمت ہاری دردوں ماری
خون آنکھوں سے ہو گیا جاری
راہیں گُم ہیں گم راہ داری
یار! نہ مجھ سے توڑو یاری
چھوڑ نہ تنہا ہوت ہزاری[2]
سانس کی لٹ گئی مایا الا
میرے گھر میں عجیب نہ آیا الا
بند ہوئیں سب میری راہیں
عرش پہ پہنچیں اپنی آہیں
نہیں ہے سنتا یار صدائیں
کیچ[3] دھنی، سُن میری آہیں
کھول ''رشید'' کی رہبر راہیں
صحرا صحرا کیوں ہے رُلایا الا
میرے گھر میں عجیب نہ آیا الا

☆☆☆

۱۔پہاڑ ۲۔لاکھوں میں ایک ۳۔کیچ کا مالک

مخدوم محمد زمان طالب المولیٰ

(۱۹۱۹ء۔۱۹۹۳ء) مخدوم محمد زمان طالب المولیٰ سندھی کے معروف شاعر ہو گزرے ہیں۔ قیامِ پاکستان کے بعد سندھی شاعری کی صنف کافی کی ترقی و ترویج میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی شاعری کے کئی مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ ان کی شاعری میں تصوف، روحانیت اور حُسن و جمال کا رنگ نمایاں طور پر نظر آتا ہے۔

عمر! عاجزوں سے نہ کر مال[1] مستی
چلے گی نہ تیری ادھر منفی ہستی

غریبوں پہ کیوں تیری اتنی جفائیں
اسیروں کی آہیں بُری ہیں بلائیں
نہ ویران کر تُو بہاروں کی بستی

مَروں اس سے بہتر نہیں میرا جینا
تیرے آب سے ہے اچھا زہر پینا
نہ مانوں میں ہرگز تیری زیر دستی

کہاں زر و زربفت مخمل و ریشم
کہاں یہ جُتی اور کہاں حرم حاکم
کہاں راج رانی کہاں تنگ دستی
اے "طالب" کبھی تو میں آزاد ہونگی
وطن جا کے اُن کو مبارک میں دوں گی
نہ چھوڑوں گی اپنی کبھی حق پرستی

☆☆☆

[1] فخر دولت واقتدار

مخدوم محمد زمان طالب المولیٰ

مجھ میں تُو ہی تُو، تُو ہی تُو
تجھ میں میں ہی میں پیا

نہیں من و تُو کے درمیاں فرق بھی سرِ مُو
تجھ میں میں ہی میں پیا

ہے تو حقیقت ایک ہی میں تُو کُو بکُو
تجھ میں میں ہی میں پیا

''طالبؔ مولیٰ'' قلب میں کیجیے جستجُو
تجھ میں میں ہی میں پیا

مجھ میں تُو ہی تُو، تُو ہی تُو

☆☆☆

سردار علی شاہ ذاکر

(۱۹۲۸ء۔۱۹۸۱ء) سید سردار علی شاہ ولد سید جعفر شاہ بخاری کا تعلق گھوٹکی سے تھا۔ صحافت کے پیشے سے وابستہ تھے۔ مذہب کی طرف رجحان رکھتے تھے۔ ان کا چھوٹا سا نعتیہ مجموعہ بھی شائع ہو چکا ہے۔

ہوگا دلبر مجھ سے دور مجھے معلوم نہ تھا
میرا لٹ جائے گا غرور مجھے معلوم نہ تھا

گُھوروں سے ہر دل تڑپائیں
دیکھیں تو قاتل بن جائیں
یہ ہے نینوں کا دستور، مجھے معلوم نہ تھا

سُن کے حسن کی شہرت آیا
میں نے اپنا ہوش گنوایا
یاں عقل رہی، نہ شعور مجھے معلوم نہ تھا

عشق کو سمجھا میں نے آساں
پریت میں ہوں گا شاداں فرحاں
میں بَن جاؤں گا رَنجور، مجھے معلوم نہ تھا
نیند سے میں نے ناتا جوڑا
''ہوت'' سے رشتہ میں نے توڑا
اپنی قسمت کا ہے قصور، مجھے معلوم نہ تھا
''سردار علیؔ'' مایوسی کیسی
تیری قسمت اچھی ہوگی
یہ فرماتے ہیں حضور، مجھے معلوم نہ تھا

☆☆☆

سردارعلی شاہ ذاکر

میرا محبّ بنے مہمان ایسا احسان نہ کوئی
جائے ہر اک وہم گمان، رہے حرمان نہ کوئی

محبّ بنا دل میرا پریشاں
ساجن خوش خوش شاداں فرحاں
یہاں دردوں کا دَہماں[1]، وہاں ارمان نہ کوئی

دل میں طلب دن رات پیا کی
میری زبان پر بات پیا کی
یہی خبط بڑا خفقان ، ملے درمان نہ کوئی
محبت چیز بڑی ہے مہنگی
سر دینے کی بات ہے سَستی
جو بھی مرد چھوڑے میدانَ، ایسا نادان نہ کوئی

''سردارعلیؔ'' کہے جان پیا کی
لاج شرم اور شان پیا کی
کروں جو کچھ بھی قربان، میرا نقصان نہ کوئی

☆☆☆

1 زور ۔ دباؤ

سجن آیا مرے گھر میں، ہوا دیدار دَم دَم دَم

ہوا جلوہ نما جانی
خوشی سے ہوئی میں ہوں دیوانی
نشانی اس کی لاثانی میری آنکھوں میں نَم نَم نَم

پلائے اس نے پیمانے
ہوئے دانا بھی دیوانے
ہیں محوِ رقص مستانے، چھماں چھمکار چَھم چَھم چَھم
ملا پیغام دلبر کا
رہا کوئی نہ غم سَر کا
زہے قسمت کہ ''ذاکرؔ'' کا، ہوا ہے غارا غَم غَم غَم

☆☆☆

غرق۔ ختم

سردار علی شاہ ذاکر

ہے رب نے بڑھایا شان محمّد عربی کا
ہر خلق سے بڑھ کر مان محمّد عربی کا
بَن کر ربّ کی رحمت آیا
ساجن کا ہر اک پر سایا
ہر عالم پُر دامان محمّد عربی کا
خجل ہوا خورشید درخشاں
حسن سے ہوئی حوریں حیراں
رخ روشن نور نشان محمّد عربی کا
شان شفاعت شاہنشاہی
بدکاروں پر رحم الٰہی
اس امت پر احسان محمّد عربی کا
بات سجن کی بات خدا کی
راہ سجن کی راہ ھدیٰ کی
ہر قول عمل قرآن محمّد عربی کا
علم زمین کا عقل سماوی
ہر حکمت پر ساجن حاوی
یہ ہے عشق عقل عرفان محمّد عربی کا
ارض و سما آیات ہیں پڑھتے
صلی علیٰ صلواۃ ہیں پڑھتے
خود مولیٰ مدحت خوان محمّد عربی کا
''سردار علیؔ'' سلطان ہو کوئی
خسرو یا خاقان ہو کوئی
ہے خادم یا دربان محمّد عربی کا

☆☆☆

فقیر مولوی احمد مہر

جھولے لال قلندر لال، مست و مست قلندر لال
ہُو ہُو ہے اسرار الستی، ہُو کو ہرگز نہیں ہے پستی
ہُو ہُو کی ہے ہستی مستی، ہُو ہُو ہُو ہُو شامل حال
مست و مست قلندر لال

غیر خیال نہ دل پر آئے، ہُو سے کر سب محو ملال
ہر اک صورت ''ہُو'' کی مورت، ہُو سے علحدہ بنے محال
مست و مست قلندر لال

ہُو کا دام خودی کو مارے، ہُو میں ہی ہے عین وصال
ہُو کو چاہوں ہو کو پوجوں، رکھتا ہُو ہے میرا خیال
مست و مست قلندر لال

''احمدؔ'' ہُو آنکھوں سے دیکھا، حاضر غافل ہُو کا حال
ہُو ہے راہ تو ہُو ہُو منزل، کامل ہُو کا قرب کمال
مست و مست قلندر لال
جھولے لال قلندر لال

☆☆☆

فقیر مولوی احمد مہر

اللہ ہے، اللہ ہے، اللہ میرا یار ہے
جو جانتا ہے حالِ دل وہ ہی مجھے درکار ہے
ہر طور ہے میرا وہی
ہر حال میں اپنا وہی
اس دل کا ہے داتا وہی، غمگین کا غمخوار ہے
ہاں کے بعد اِلّا کہوں
پھر بڑھ کے اِلّا اللہ کہوں
اس کے سوا میں کیا کہوں؟ اظہار ہے اظہار ہے
سر دے کے میں سجدہ کروں
خود کو اچھا بندہ کروں
دل اپنا تابندہ کروں، وہ روح کا سنگھار ہے
انکار میں اقرار ہے
اقرار میں انکار ہے
بجتا یوں دل کا تار ہے، سرکار ہے سرکار ہے
فضل اور ان کا کرم ہے
اک نام ہے دل پر رقم
''احمدؔ'' پکارے دم بدم، اللہ ہی سردار ہے

☆☆☆

فقیر مولوی احمد مہر

وحدت میں ہے وجود میاں
من میں سب موجود میاں
سبحان اللہ سبحان اللہ
بازیگر کی بے شک بازی
دیکھ معنیٰ کی صورت سازی
محض حقیقت میں ہی مجازی
فہم فکر مفقود میاں
من میں سب موجود میاں
سبحان اللہ سبحان اللہ
علم آدم عین اشارا
مولا کا منظور نظارا
وہم وجود کا نہیں گزارا
ملکوں[1] کا مسجود میاں
من میں سب موجود میاں
سبحان اللہ سبحان اللہ
عرش نے اعلیٰ بات سُنائی
من کی دنیا جوش میں آئی
جوش نے حق کی راہ دکھائی
مطلب سب موجود میاں
من میں سب موجود میاں
سبحان اللہ سبحان اللہ
وحدت کا جب قصّہ چلا ہے
کثرت کا گُل جھڑنے لگا ہے
ناظر خود منظور ہوا ہے
کہو "احمد" کو محمود میاں
من میں سب موجود میاں
سبحان اللہ سبحان اللہ

[1] ملائکہ

مولوی فقیر احمد مہر

مست اور مخمور آنکھیں
یار کی خونی خصال
پُر اثر پُر نُور کیفی
جام دیں یہ پُر جمال
برہ کی پیغامبر ہیں
جوش وَرجذبی جلال
یا تو ہیں یہ چشم نرگس یا تو صحرائی غزال
مست اور مخمور آنکھیں
صبح دم ساقی کہوں میں
یا کہوں کیفی کلال
غین کا غمزہ کہوں یا عین کا عیناں زوال
مست اور مخمور آنکھیں
ہے سچا ''صدیق[1]'' سرور
دلربا کامل کمال
یار کا دیدار آیا خانگڑہ[2] میں خوش مثال
مست اور مخمور آنکھیں
عین ''احمد'' کو عنایت
مِٹ گیا سارا ملال
ہو گیا ہے فرق فانی پایا ہے میں نے وصال
مست اور مخمور آنکھیں

☆☆☆

1۔ حافظ محمد صدیق آف بھرچونڈی، عبیداللہ سندھی کے اور شاعر کے مرشد کامل
2۔ شاعر کا گاؤں تعلقہ میر پور ماتھیلو ضلع سکھر، سندھ

ہوا اعلیٰ عشق اثر
صورت یار کے دم سے

''الانسان سری و انا سرہٗ''
احد سے عبد امر، صورت یار کے دم سے

''کل شیء محیط'' ہے مولیٰ
''ونحن اقرب'' ثابت سر، صورتِ یار کے دم سے

''الست بربکم'' قول ہے قائم
''قالو بلیٰ'' قرب کثر، صورتِ یار کے دم سے

سارا جوڑ جنسار جہاں کا
الف[1] میم[2] سے ہے اظہر صورتِ، یار کے دم سے

لاالہ کی نفی سے پُھوٹا
الا اللہ نورِ نظر، صورتِ یار کے دم سے

ہوا بقا باللہ بشر بھی
حق حضورؔ حاضر صورتِ یار کے دم سے

☆☆☆

[1] احد (الف) [2] محمدؐ (میم)

شیخ ایاز

(۱۹۲۳ء۔۱۹۹۷ء) شیخ ایاز یعنی شیخ مبارک علی ولد شیخ غلام حُسین شکار پور میں پیدا ہوئے۔ جدید سندھی شاعری میں آپ کا کوئی ثانی نہیں۔ نثر اور نظم میں کئی تصانیف شائع ہو چکی ہیں۔آپ نے علم و ادب کے حوالے سے سندھی اور اردو زبان میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ آپ کا مزار بھٹ شاہ میں واقع ہے۔

رات بھر تیری پکار
نیند اچاٹ ہوتی رہی

آدھی دھرتی سرخ ہوگئی
اتنے آئیں ہیں بہار
نیند اچاٹ ہوتی رہی

کوئلیں کُوکیں پکاریں،
چُپ نہیں کوئی بھی یار
نیند اچاٹ ہوتی رہی

کیوں نہیں گلنار اب تک
تیرے گالوں کے انار
نیند اچاٹ ہوتی رہی

کھینچے ہے طوفان مثل
یار مجھ کو دوجے پار
نیند اچاٹ ہوتی رہی

☆☆☆